http://dailygawadarbusiness.com.pk

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

ABC Certified

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

جلد 22 | جمعرات 13 اگست 2026ء | 29 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 38

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

# حکومت عوامی مسائل کے حل اور مقامی آبادی کے جائز حقوق کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات کریگی، وزیراعلیٰ

گوادر میں گزشتہ بیس سالہ ترقیاتی وسائل کی جانچ پڑتال کا حکم، درجہ چہارم کی آسامیوں پر غیر مقامی افراد کی تعیناتی کی شکایات پر سی ایم آئی ٹی کو تحقیقات کرکے جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

**حکومت گوادر کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے سیاسی جماعتوں، منتخب نمائندوں، ضلعی انتظامیہ اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کا سلسلہ جاری رکھے گی، میر سرفراز بگٹی**

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ گوادر کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے تمام سیاسی جماعتوں اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کو سننے آیا ہوں، حکومت عوامی مسائل کے حل اور مقامی آبادی کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

## پرواز تبدیل کرنا سیکرٹ سروس کی ہدایات پر عمل تھا، ٹرمپ

**جس طیارے میں سفر کیا اسے زیادہ خطرہ لاحق ہوسکتا تھا، مجھے ایران پر بھروسہ نہیں، بیان**

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ پرواز کی تبدیلی کے دوران سیکرٹ سروس کی ہدایات پر عمل کر رہا تھا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ نے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

## مال روڈ واقعہ اس بات کا اشارہ ہے کہ 27 ستمبر کو بھی ایسا ہی ہوسکتا ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ مال روڈ پر پیش آنے والا واقعہ اس بات کا اشارہ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

## افغان سفیر کی مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

**افغانستان کے قومی دن کی مناسبت سے منعقدہ پروگرام میں شرکت کی دعوت**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں متعین افغان سفیر سردار احمد جان شکیب نے جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ پر ان سے (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆ تہران: ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کررہے ہیں ☆☆☆☆

**محسن نقوی اور ایرانی صدر کی ملاقات، ایرانی صدر کو وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا خصوصی پیغام پہنچایا**

# امریکا ایران 60 روزہ جنگ بندی میں توسیع پر متفق، ایران کی تردید

فریقین توسیع کی مدت طے کرنے کے لیے ایک دوسرے سے پیغامات کا تبادلہ کررہے ہیں (ذرائع) سینئر ایرانی ذرائع نے توسیع پر اتفاق کی خبروں کی تردید کردی

ایران کا عراق میں کرد ٹھکانوں پر بڑا حملہ، میزائل اور ڈرونز داغ دیئے گئے، ایرانی حملوں کا ہدف عراق کے کرد علاقے میں موجود کرد پوزیشنز کو بتایا جارہا ہے، غیر ملکی میڈیا

**ایران کو پھر خطرات کا سامنا ہوا تو خطے میں تمام امریکی اور غیر امریکی توانائی سسٹمز اور انٹرنیٹ سے جڑا عالمی انفراسٹرکچر تباہ کردیا جائے گا، ترجمان پاسداران انقلاب**

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران نے 60 روزہ جنگ بندی میں توسیع پر اتفاق کرلیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دونوں فریقین نے جنگ بندی میں توسیع کے لیے رضامندی سے ثالثوں کو آگاہ کردیا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ دونوں ممالک توسیع (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی تہران میں ایرانی صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق محسن نقوی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

## مکہ معاہدہ واضح ہے ایک ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا، دفتر خارجہ

مکہ معاہدے پر خطے اور اس سے باہر اجتماعی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی، مکہ معاہدہ امن وسلامتی کے حوالے سے محض 3 ممالک تک محدود نہیں

**ہم امریکا سعودی عرب سول جوہری ڈیل کو دیکھ رہے ہیں، سعودی عرب کے سول جوہری توانائی کے حق کا احترام اور حمایت کرتے ہیں، بریفنگ**

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسن اندرابی نے کہا ہے کہ مکہ معاہدہ بالکل واضح ہے کہ ایک ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا، مکہ معاہدے پر خطے اور اس سے باہر اجتماعی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی، معاہدہ امن وسلامتی کے حوالے سے (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

## امریکا ایران جنگ بندی میں اہم کردار، پاکستان بطور عالمی قوت دنیا کی توجہ کا مرکز

**پاکستان ہی اپنی سفارتی صلاحیت کی بدولت ایران اور امریکا کو دوبارہ قریب لانے میں مدد کرسکتا ہے، ساؤتھ ایشین وائسز**

اسلام آباد (این این آئی) امریکا ایران جنگ بندی میں پاکستان کے بطور ثالث اہم کردار کے باعث عالمی سطح پر پاکستان کی امن کاوشوں کا برملا اعتراف کیا جارہا ہے۔ امریکا ایران (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

## سپریم کورٹ میں ای فائلنگ فریم ورک کی تیاری کے حوالے سے اجلاس

مجوزہ نیشنل ای فائلنگ سسٹم عدالتی نظام میں مشترکہ، منظم اور قواعد کے مطابق فائلنگ کا طریقہ کار فراہم کرے گا

**بار عدالتی فائلنگ نظام کا اہم شراکت دار اور بنیادی صارف ہے، چیف جسٹس**

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ای فائلنگ فریم ورک کی تیاری کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں مذکورہ نظام کو تمام عدالتوں تک وسعت دینے کی تجویز دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

## بحیرہ احمر میں حوثیوں کے حملے 3 پاکستانی جاں بحق ایک زخمی ہوا، اسحاق ڈار

حملے سے بحیرہ احمر میں تجارتی جہاز رانی کے لیے خطرات میں اضافہ ہوا ہے، حکومت پاکستان صورت حال پر نظر رکھے ہوئے ہے، دفتر خارجہ

**ایسے حملے بے گناہ انسانی جانوں اور بحری سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہیں، نائب وزیراعظم**

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بحیرہ احمر میں تجارتی جہاز پر حوثیوں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے حملے بے گناہ انسانی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

## مجموعی قرضوں کا بوجھ 83 ہزار 642 ارب روپے کے قریب پہنچ گیا

**رواں سال جون تک وفاقی حکومت کے مجموعی قرضوں میں سالانہ 7.4 فیصد اضافہ ہوا**

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پر مجموعی قرضوں کا بوجھ ریکارڈ 83 ہزار 642 ارب ہوگیا۔ اسٹیٹ بینک کے اعداد وشمار کے مطابق رواں سال جون تک وفاقی حکومت کے (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

## وزیراعظم کا سوراب میں 18 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع سوراب میں فتنہ الہندوستان کیخلاف کلیئرنس آپریشن کے دوران 18 دہشتگردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے بیلاروس کے وزیر توانائی وفد کے ہمراہ ملاقات کررہے ہیں

## اسحاق ڈار سے بیلاروس کے وزیر توانائی ڈینس ماروز کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے بیلاروس کے وزیر توانائی ڈینس ماروز نے ملاقات کی۔ ترجمان کے مطابق ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور بیلاروس کے دوطرفہ تعلقات (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

گوادر: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل پارٹیز نمائندہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# نوجوان نسل قوم کی امید، یکساں تعلیمی مواقع فراہم کیے بغیر ملکی ترقی ممکن نہیں، شہباز شریف

رواں سال مزید اڑھائی لاکھ ہونہار طلبہ کو کروم بکس دیں گے، ایک ہزار طلبہ وطالبات کو آئی ٹی، اے آئی کی تعلیم کیلئے چین بھجوایا جائے گا، اخراجات حکومت برداشت کرے گی

**دانش سکولوں کا معیار ایچی سن کالج سے کسی طور کم نہیں، دانش یونیورسٹی کی کلاسز آئندہ سال شروع ہوں گی، توجہ ٹیکنالوجی، فنی تعلیم پر مرکوز ہوگی، منعقدہ تقریب سے خطاب**

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نیشنل یوتھ ایمپلائمنٹ پالیسی، نوجوانوں کو ہنر سیکھنے کے نئے مواقع فراہم کرنے، مستقبل کی جاب مارکیٹ کیلئے تیار کرنے کیلئے سکل ایمبسڈر پروگرام اور نیشنل پاور سیکٹر انوویشن پروگرام کا اجرا کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان نسل قوم کی امید ہے، نوجوانوں کو تعلیم کے یکساں مواقع کی فراہمی کے بغیر ترقی ممکن نہیں (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

## بلوچستان بلوچ قوم کی شناخت اور وطن ہے تقسیم قبول نہیں کرینگے، نواب رئیسانی

بلوچستان کی وحدت اور جغرافیائی سالمیت بلوچ قوم کے وجود اور اجتماعی تشخص کا بنیادی حصہ ہے

**بلوچستان کے حوالے سے ہونے والے ہر فیصلے میں عوام کے جذبات، تاریخی پس منظر اور قومی مفادات کو بنیادی اہمیت دی جانی چاہیے**

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف ساراوان نواب اسلم خان رئیسانی نے بلوچستان کی وحدت اور جغرافیائی سالمیت کے حوالے سے اپنے دوٹوک موقف کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان بلوچ قوم کی شناخت، تاریخ اور وطن ہے اور بلوچ قوم اپنے وطن کی کسی بھی قسم کی تقسیم کو ہرگز قبول نہیں کرے گی۔ انہوں نے یہ بات سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک بیان (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

## پی ٹی آئی میں اختلافات شدت اختیار کر گئے، سلمان اکرم راجہ اور مشعال یوسفزئی آمنے سامنے

میری شکایت پر بانی پی ٹی آئی نے سلمان اکرم راجہ کو ڈانٹا اور معافی بھی منگوائی، مشعال یوسفزئی

**بانی پی ٹی آئی نے بھی مشعال یوسفزئی کو فارغ کرنے کا کہا تھا، سلمان اکرم راجہ**

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف میں اختلافات شدت اختیار کر گئے، سلمان اکرم راجہ اور مشعال یوسفزئی کی ایک دوسرے پر سخت الزامات اور لفظی گولہ باری جاری (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

## بدلتے دور کے تقاضوں، جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ رہنا ناگزیر ہے، کور کمانڈر بلوچستان

سیکیورٹی فورسز کا مقصد علاقے میں پائیدار امن، عوامی خواہشات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد اور بہتر عوامی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے

**لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم کا پنجگور کا دورہ، سر سید احمد خان لاؤنج اور تزئین و آرائش کے بعد فعال ہونے والے علامہ اقبال آڈیٹوریم کا باقاعدہ افتتاح**

پنجگور (این این آئی) کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم نے پنجگور کا خصوصی دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انشیٹو (BSDI) کے تحت قائم ہونے والے جناح آئی ٹی ہب، یونیورسٹی آف مکران میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے زیر انتظام تعمیر کیے گئے سر سید احمد خان لاؤنج اور تزئین و آرائش کے بعد فعال ہونے والے علامہ اقبال آڈیٹوریم کا باقاعدہ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

## آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل 90 لاکھ بیرل یومیہ ہوگئی، امریکی وزیر توانائی کا دعوی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر توانائی نے دعوی کیا ہے کہ آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل 90 لاکھ بیرل یومیہ کے قریب پہنچ گئی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود اچکزئی تحریک تحفظ آئین پاکستان کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## ہمیں سندھ کی تقسیم منظور نہیں، وزیراعلیٰ سندھ کا دوٹوک اعلان

آئینی ترمیم کسی کے سوچنے سے نہیں بلکہ دو تہائی اکثریت سے ہوگی، مراد علی شاہ

**سندھ اسمبلی صوبے کی وحدت کے حق میں کئی بار قرارداد یں منظور کرچکی**

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سندھ کی تقسیم کے مطالبے کو مسترد کرتے ہوئے دوٹوک اعلان کیا ہے کہ صوبے کی تقسیم کسی صورت قبول نہیں کی (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

## مالی سال 27-2026 کا ودہولڈنگ انکم ٹیکس ریٹ کارڈ جاری

نئے ریٹ کارڈ میں مختلف شعبوں، ادائیگیوں اور لین دین پر ودہولڈنگ ٹیکس کی شرحیں مقرر

**بینک ڈپازٹس کے منافع پر اے ٹی ایل افراد کیلئے 20 فیصد اور نان اے ٹی ایل کیلئے 40 فیصد ٹیکس مقرر**

اسلام آباد (این این آئی) ایف بی آر نے رواں مالی سال 27-2026ء کیلئے مختلف شعبوں، ادائیگیوں اور لین دین پر عائد ودہولڈنگ ٹیکس کی شرحوں پر مشتمل ودہولڈنگ انکم (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

## امریکی طیارہ بردار جہاز پر خونی تصادم سے 7 نیوی اہلکار ہلاک ہونے کا ایرانی دعوی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس ابراہم لنکن پر شدید ہنگامے کے دوران 7 امریکی بحری اہلکاروں کی ہلاکت اور متعدد کے زخمی ہونے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

## کولمبیا میں زلزلے سے اموات کی تعداد 254 ہوگئی

بگوٹا (این این آئی) کولمبیا میں پیر کے روز آئے شدید زلزلے سے اموات کی تعداد 254 ہو گئی۔ غیر ملکی میڈیا کے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

## پاناما کے جھنڈے والے کارگو جہاز پر میزائل داغے گئے، امریکی سینٹرل کمانڈ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی سینٹرل کمانڈ سینٹکام نے کہا ہے کہ امریکی فوج (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

گوادر: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا گوادر پہنچنے پر ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ استقبال کررہے ہیں

# راہ بارود سے بھری گاڑی میں دھماکہ، سوراب آپریشن میں 18 دہشتگرد ہلاک 3 شہری جاں بحق

شدید فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کے 2 جوان زخمی، دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے، آئی ایس پی آر

**دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاستی عزم غیر متزلزل ہے، دہشت گردوں کے خلاف بروقت اور مؤثر کارروائی قابل تعریف ہے، وزیراعلیٰ**

راولپنڈی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع سوراب میں دہشتگردوں کی جانب سے بارود سے بھری گاڑی تیار کرنے کے دوران دھماکے اور بعد ازاں سیکیورٹی فورسز کی (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع سوراب میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز اور بلوچستان پولیس کی مؤثر کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

## 30 ستمبر کے بعد انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے پر 25 ہزار روپے جرمانے کی تجویز

اسلام آباد (یو این اے) تاجروں کے لیے مجوزہ آسان ٹیکس سکیم کے تحت 30 ستمبر کے بعد انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

## وفاقی حکومت کا پاکستان اسٹیل ملز دوبارہ فعال کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے پاکستان اسٹیل ملز کو دوبارہ فعال کرنے (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف نوجوانوں کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

## نئے صوبے بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، مصطفیٰ کمال

**روزانہ 1300 بچے غذائی کمی سے فوت ہو رہے ہیں، وفاقی وزیر صحت**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے انکشاف کیا ہے کہ روزانہ 1300 بچے غذائی کمی سے فوت ہو رہے ہیں۔ پاک فارما ہیلتھ کیئر ایکسپو کی (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

## سبی۔ نامعلوم افراد نے 220 کے وی ٹرانسمیشن لائن کے ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑادیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این ئی) سبی کے قریب اوچ پاور پلانٹ سے جانے والی ہائی ٹرانسمیشن سسٹم بجلی کے 220 کے وی ٹاور کو (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

## نئی سہ ماہی میں بجلی ایک روپے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) نئی سہ ماہی میں بجلی ایک روپے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

## پی بی 9 کوہلو میں 4 پولنگ اسٹیشنز پر ری پولنگ کا فیصلہ معطل

**مسلم لیگ ن کے امیدوار میر چنگیز خان مری کی رکنیت بحال**

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پی بی 9 کوہلو میں 4 پولنگ اسٹیشنز پر ری پولنگ کا فیصلہ معطل کردیا۔ جسٹس نعیم اختر افغان کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے سماعت (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

سوراب واقعہ کے خلاف لواحقین کے احتجاج کے باعث قومی شاہراہ پر ٹریفک کیلئے بند کیا گیا ہے

## سی پیک کی کامیابی قیادت کے مضبوط سیاسی عزم اور پختہ ارادے کا نتیجہ ہے، احسن اقبال

احسن اقبال کی سے چینی کمیونسٹ پارٹی کے وفد کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات، سی پیک 2.0 کو مزید وسعت دینے پر تبادلہ خیال

**5 سیاسی راہداریوں کے تحت منظّم تعاون کو فروغ دینا چاہتے ہیں جو سی پیک 2.0 کیلئے سیاسی اور ادارہ جاتی بنیاد فراہم کرسکتی ہیں، وفاقی وزیر**

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا کہ سی پیک کی کامیابی پاکستان اور چین کی قیادت کے مضبوط سیاسی عزم اور پختہ ارادے کا نتیجہ ہے، پاکستان چینی کمیونسٹ پارٹی کی تنظیم، قیادت، طرز حکمرانی اور طویل المدتی منصوبہ بندی کے تجربے سے سیکھنے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

## پیپلز ٹرین کی بوگیوں کی آمد میں تاخیر، 14 اگست کو افتتاح ملتوی

**باہمی مشاورت کے بعد نئی تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا، حیات کاکڑ**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقوں سریاب اور کچلاک کے درمیان چلائے جانے والی پیپلز ٹرین کی بوگیوں کی آمد میں تاخیر، پیپلز ٹرین کا 14 اگست کو افتتاح ملتوی کردیا گیا۔ سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان حیات کاکڑ نے بتایا کہ پیپلز ٹرین چلانے کیلئے سریاب اور (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف قائمقام امریکی سفیر نیٹلی بیکر سے ملاقات کررہی ہیں

## گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال پانچویں روز بھی جاری رہی، ڈیڈ لاک برقرار

گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کی وجہ سے اشیائے خورد ونوش سمیت دیگر مصنوعات کی ترسیل میں تعطل

**حکومتی مذاکراتی ٹیم اور گڈز ٹرانسپورٹرز کے درمیان مذاکرات تاحال کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکے**

لاہور (این این آئی) گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال پانچویں روز بھی جاری رہی حکومتی مذاکراتی ٹیم اور گڈز ٹرانسپورٹرز کے درمیان مذاکرات تاحال کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکے۔ (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

## کچھی، مسلح افراد مسافر گاڑیوں سے 3 افراد کو اغواء کرکے اپنے ساتھ لے گئے

**پولیس نے ناکہ لگا کر مسافر گاڑیوں کی چیکنگ شروع کردی**

ڈیرہ مراد جمالی (این این ائی) کچھی حاجی شہر پولیس تھانے کی حدود دوسہ لاشاری چیک پوسٹ قومی شاہراہ پر درجنوں مسلح افراد نے ناکہ لگا کر اسنیپ چیکنگ شروع (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

## چاغی۔ نامعلوم مسلح افراد مائننگ کمپنی کے 7 ملازمین کو اغواء کرکے لے گئے

**لاکھوں روپے مالیت کا سامان بھی ساتھ لے گئے، مسلح افراد مائنز پر شام سات بجے تک موجود رہے، ذرائع**

چاغی (این این آئی) ماہیان کور میں نجی مائننگ کمپنی کی مائنز پر آٹھ مسلح نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کا حملہ، عملے کے سات افراد اغوا، لاکھوں روپے مالیت کا سامان بھی ساتھ لے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع چاغی کی تحصیل چاغی سے مغرب کی جانب تقریباً 15 سے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

## آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمد ورفت میں کمی، 7 جہاز گزر سکے

تہران/واشنگٹن (این این آئی) آبنائے ہرمز میں جہازوں کی آمد ورفت میں مسلسل کمی دیکھی جارہی ہے۔ شپنگ ڈیٹا کے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

## پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 80 ہزار پوائنٹس کی حد پر بحال

کراچی (یو این اے) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 80 ہزار پوائنٹس کی حد پر بحال ہوگیا۔ کاروباری ہفتے کے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

## پاکستان کیساتھ مضبوط تعلقات علاقائی سیکورٹی میں اضافہ کا سبب بن سکتے ہیں، ایرانی صدر

ایران تمام شعبوں میں پاکستان سے تعلقات بڑھانے میں دلچسپی رکھتا ہے، مسعود پزشکیان

**تہران تیار ہے کہ وہ اسلام آباد کے ساتھ سیاسی، اقتصادی، تجارتی، ثقافتی اور سیکورٹی فیلڈز میں تعلقات گہرے کرے**

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ پاکستان کے ساتھ مضبوط تعلقات علاقائی سیکورٹی میں اضافہ کا سبب بن سکتے ہیں۔ ایران کے صدر نے گزشتہ روز وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے تہران میں ملاقات کے بعد اپنے بیان میں کہا کہ تہران (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

## رواں ہفتے بینک اور مالیاتی ادارے 3 دن بند رہیں گے

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے یوم آزادی کے موقع پر بینکوں، مالیاتی اداروں اور اسٹاک ایکسچینج کی تین (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

## پی ٹی اے نے غیر اخلاقی مواد سے متعلق 10 لاکھ 65 ہزار 671 یو آر ایل بلاک کردیے

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی اے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر غیر اخلاقی مواد سے متعلق 10 لاکھ 65 ہزار 671 (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

## سوراب میں بمباری کے خلاف 16 اگست کو بلوچستان بھر میں احتجاج کا اعلان

**بلوچستان حکومت جو کچھ بھی کرتی ہے وہ صرف بلوچستان کے حالات کو خراب کرنے کے لیے کرتی ہے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت جو کچھ بھی کرتی ہے وہ صرف بلوچستان کے حالات کو خراب کرنے کے لیے کرتی ہے ضلع سوراب میں خواتین، بچوں سمیت درجنوں افراد کو شہید کرنا (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی فوج اور یہودی آبادکار مسجد اقصیٰ پر دھاوا بول رہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس

## مکہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا حامل معاہدہ!

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ پاکستان محمد اسحاق ڈار نے واضح کیا ہے کہ مکہ معاہدہ مکمل طور پر دفاعی نوعیت کا حامل معاہدہ ہے اور اس کا مقصد کسی بھی ملک کے خلاف کارروائی کرنا نہیں بلکہ خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے جاری کوششوں کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ [illegible]

باندھا۔ اسی طرح مکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے لئے ایک مشترکہ دفاعی حصار کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب تین اہم مسلم ممالک ایک دوسرے کی سلامتی کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہوں گے تو کسی بھی ممکنہ جارح کو اپنے عزائم کے نتائج پر کئی بار سوچنا پڑے گا۔ اس معاہدے پر اعتراض کرنے والوں کو یہ بنیادی بات ضرور پیش نظر رکھنی چاہیئے کہ اگر کوئی ملک پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے خلاف جارحانہ جنگی عزائم نہیں رکھتا تو اسے مکہ دفاعی معاہدے سے خطرہ کیوں محسوس ہوگا۔ امن پسند ممالک کے باہمی دفاعی تعاون کو جارحیت قرار دینا دراصل دفاع اور جارحیت کے فرق کو نظرانداز کرنا ہے۔

## اسرائیلی جیلوں میں جانوروں کا استعمال

تحریر۔ وسعت اللہ خان

[illegible]

## خطرہ تو پتا چلے کہاں سے

تحریر۔ ایاز امیر

[illegible]

## جدید دور میں ٹیکنالوجی، آئی ٹی وائے آئی کی بڑھتی اہمیت

تحریر: سیدہ سونیا عمران

[illegible] میں اگر کسی صارف کا واٹس ایپ اکاؤنٹ اچانک بند یا اس تک رسائی ختم ہوجائے تو یہ صرف ایک سوشل میڈیا یا اکاؤنٹ کا مسئلہ نہیں رہتا بلکہ کئی افراد کے لیے عملی اور مالی مشکلات کا باعث بن سکتا ہے خصوصاً کاروباری افراد، فری لانسرز، صحافیوں، طلبہ، اساتذہ اور مختلف اداروں کے لیے واٹس ایپ رابطے کا ایک اہم ذریعہ بن چکا ہے۔ اکاؤنٹ اچانک بند ہونے کی صورت میں اہم کلائنٹس، کاروباری رابطوں، گروپس، پیغامات اور ضروری [illegible] ہیں۔ اگر کسی وجہ سے اکاؤنٹ تک رسائی ختم ہوجائے تو صارف کو یہ خدشہ بھی لاحق ہوتا ہے کہ کہیں اس کی ذاتی یا کاروباری معلومات غلط ہاتھوں میں تو نہیں چلی گئیں۔ اسی لیے عوام کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے اہم ڈیٹا کا بیک اَپ رکھیں، مضبوط سیکیورٹی اور دو مرحلہ جاتی تصدیق کا استعمال کریں اور کسی بھی مشکوک لنک یا غیر ضروری ایپ پر اپنی معلومات فراہم نہ کریں آج پاکستان میں بھی ٹیکنالوجی کا استعمال تیزی سے بڑھ رہا ہے [illegible] حصوں میں بھی نوجوان نسل ٹیکنالوجی کو تعلیم، روزگار، کاروبار اور فری لانسنگ کے لیے استعمال کر رہی ہے، جو پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے موجودہ دور میں آئی ٹی یعنی انفارمیشن ٹیکنالوجی کسی بھی ملک کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کر رہی ہے۔ دنیا بھر میں سرکاری اداروں، بینکوں، اسپتالوں، تعلیمی اداروں، صنعتوں اور کاروباری کمپنیوں کا انحصار ٹیکنالوجی پر بڑھتا جا رہا ہے پاکستان کے لیے بھی ضروری ہے کہ نوجوانوں کو جدید آئی ٹی ہنر، پروگرامنگ، سائبر [illegible] کام کرنے کے طریقوں کو تیزی سے تبدیل کر رہی ہے۔ اگر اسے ذمہ داری اور مثبت انداز میں استعمال کیا جائے تو یہ وقت کی بچت، بہتر فیصلوں، تحقیق میں معاونت اور پیداواری صلاحیت میں اضافے کا ذریعہ بن سکتی ہے تاہم ٹیکنالوجی کے بڑھتے ہوئے استعمال کے ساتھ ڈیجیٹل سیکیورٹی کی اہمیت بھی پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے اکاؤنٹ ہیکنگ، فراڈ، فشنگ، جعلی لنکس، شناخت کی چوری اور ذاتی معلومات کے غلط استعمال جیسے [illegible] تحقیق، روزگار، کاروبار اور ملکی ترقی کے لیے بھرپور انداز میں استعمال کیا جائے عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اپنی ڈیجیٹل معلومات کی حفاظت کریں، بیک اَپ رکھیں اور سائبر سیکیورٹی کے بنیادی اصولوں سے آگاہ ہوں ٹیکنالوجی مستقبل نہیں بلکہ حال کا حصہ بن چکی ہے، اور آئی ٹی وائے آئی میں مہارت رکھنے والی قومیں ہی آنے والے دور میں عالمی سطح پر زیادہ مضبوط مقام حاصل کریں گی۔

☆☆☆

---

### بقیہ 1

ہوئے اعلان کیا ہے کہ 14 اگست کو یوم آزادی پاکستان بھرپور جوش و جذبے، قومی یکجہتی اور حب الوطنی کے ولولے کے ساتھ منایا جائے گا۔ میر علی حسن زہری کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق یوم آزادی کے موقع پر 14 اگست کو دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تک زہری فارم ہاؤس، حب بائی پاس پر ایک شاندار اور پروقار خصوصی تقریب کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں عوام کی بھرپور شرکت متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست صرف کیلنڈر پر درج ایک تاریخ نہیں بلکہ یہ ہمارے قومی تشخص، آزادی، قربانیوں اور پاکستان سے وفاداری کی تجدید کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جن کے نتیجے میں پاکستان ایک آزاد ریاست کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا۔ یوم آزادی کی خصوصی تقریب میں ملک کے معروف و مشہور فنکار، اداکار اور دیگر باصلاحیت افراد شرکت کریں گے، جبکہ ملی نغموں، ثقافتی پروگراموں اور تفریحی سرگرمیوں کے ذریعے تقریب کو یادگار بنایا جائے گا۔ تقریب میں پاکستان کی ثقافت، قومی وحدت اور وطن سے محبت کے جذبے کو اجاگر کیا جائے گا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان کی طاقت اس کی سرزمین کے ساتھ ساتھ اس کے عوام کے اتحاد، عزم اور جذبہ حب الوطنی میں ہے۔ ہمیں یوم آزادی کے موقع پر اس عزم کی تجدید کرنا ہوگی کہ ہم پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور مضبوط مستقبل کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کو ایسے ہی اتحاد، یکجہتی اور اجتماعی عزم کی ضرورت ہے جس نے قیام پاکستان کی جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کیا تھا۔ ہماری منزل ایک مضبوط، خوشحال، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان ہے، اور اس منزل کا راستہ قومی اتحاد اور اجتماعی محنت سے ہو کر گزرتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ہماری پہچان، ہماری امید اور ہماری آنے والی نسلوں کا مستقبل ہے۔ ہمیں آزادی کی نعمت کی قدر کرتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا ہوگا اور نوجوان نسل کو ایک روشن، پرامن اور ترقی یافتہ پاکستان کی تعمیر کے لیے آگے بڑھانا ہوگا

### بقیہ 2

عملے کی حاضری کا ریکارڈ چیک کیا اور زیر علاج مریضوں سے مل کر انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور ادویات کی دستیابی کا جائزہ لیا دورے کے دوران انچارج آر ایچ سی شاہرگ نے او پی ڈی (OPD)، ایمرجنسی وارڈ، فارمیسی، اور لیبارٹری کا باری باری معائنہ کیا۔ انہوں نے حاضری رجسٹر اور ڈیوٹی روسٹر کی سخت جانچ پڑتال کرتے ہوئے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور سپورٹنگ اسٹاف کی موقع پر موجودگی کی تصدیق کی۔ ڈاکٹر وقاص کاکڑ نے ایمرجنسی اور او پی ڈی میں موجود مریضوں اور ان کے تیمارداروں سے براہ راست گفتگو کی اور ہسپتال میں ملنے والے علاج، مفت ادویات اور عملے کے رویے کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے ہسپتال کی فارمیسی کا معائنہ کرتے ہوئے ضروری و حیات بخش ادویات (drugssavingLife) کا اسٹاک چیک کیا تاکہ علاقے کے کانکنوں اور عام شہریوں کو ایمرجنسی کی صورت میں فوری اور بلاتعطل طبی امداد فراہم کی جاسکے اس موقع پر عملے سے خطاب کرتے ہوئے انچارج آر ایچ سی شاہرگ ڈاکٹر وقاص کاکڑ نے صفائی ستھرائی کے نظام کو مزید بہتر بنانے اور تمام شعبوں میں نظم وضبط برقرار رکھنے کی سخت ہدایت کی

### بقیہ 3

فٹبال، والی بال سمیت مختلف کھیلوں کے مقابلوں میں اپنی صلاحیتوں کا شاندار مظاہرہ کر رہے ہیں جشن آزادی اسپورٹس فیسٹیول کی نگرانی و قیادت ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس سیوی ڈویژن رحیم بخش جوئیہ اور ڈسٹرکٹ اسپورٹس آفیسر سیوی بابر علی سیلاچی کر رہے ہیں فیسٹیول کا مقصد نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ کھیلوں کے میدان میں موجود ٹیلنٹ کو سامنے لانا اور جشن آزادی کی خوشیوں کو بھرپور انداز میں منانا ہے اسپورٹس فیسٹیول کے دوران مختلف کھیلوں کے مقابلوں میں کھلاڑیوں اور ٹیموں کی جانب سے بھرپور شرکت کی جا رہی ہے، جبکہ کھیلوں کے شائقین اور شہری بھی بڑی تعداد میں مقابلے دیکھنے کے لیے کھیل کے میدانوں کا رخ کر رہے ہیں مقابلوں کے دوران نوجوان کھلاڑیوں کا جوش و جذبہ قابل دید ہے اور شائقین کی جانب سے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے اس موقع پر کھیلوں کے شائقین اور تماشائیوں نے جشن آزادی اسپورٹس فیسٹیول کے انعقاد پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، صوبائی وزیر کھیل محترمہ مینا مجید، محکمہ کھیل، ضلعی انتظامیہ اور ضلعی اسپورٹس آفیسر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی صحت مند سرگرمیاں نوجوان نسل کو مثبت سمت فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں انہوں نے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی سیوی میں کھیلوں کے مزید مقابلوں اور سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا

### بقیہ 4

پر میر ظہور احمد بلیدی نے حلقے کے معززین کے مسائل، تجاویز اور عوامی ضروریات کو تفصیل سے سنا اور متعلقہ امور کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ عوامی مسائل کا حل اور علاقے کی تعمیر و ترقی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ حلقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ حلقے کی پائیدار تعمیر و ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، جبکہ عوامی نمائندے کی حیثیت سے ان کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حلقے کے عوام کے ساتھ رابطوں کو مزید مضبوط اور مؤثر بنایا جائے گا اور عوامی مسائل کے حل کے لیے براہ راست رابطے کا سلسلہ بدستور جاری رکھا جائے گا۔

### بقیہ 5

منصوبے کے تعمیراتی کام کے دوران ریتی، بجری اور دیگر تعمیراتی ملبہ سڑکوں پر پھیلا دیے جانے سے آمدورفت شدید متاثر اسکول، کالجز اور سینٹرز جانے والی طالبات، موٹر سائیکل سواروں سمیت شہریوں، بچوں، بزرگوں اور خواتین کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اس حوالے سے شہریوں کا کہنا ہے کہ اہم نوعیت کے واٹر ٹینک منصوبے کو بروقت مکمل کرنے کے بجائے تعمیراتی کام میں مبینہ غفلت اور سست روی اختیار کی جا رہی ہے۔ جبکہ سڑکوں پر تعمیراتی ملبہ، ریتی اور بجری پھینکے جانے سے روزمرہ آمدورفت بھی دشوار ہو چکی ہے۔ عوامی حلقوں نے منصوبے میں مبینہ طور پر ناقص میٹریل کے استعمال پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی خزانے سے خطیر رقم خرچ کر کے تعمیر کیے جانے والے منصوبے میں معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے ناقص تعمیرات مستقبل میں شہریوں کے لیے مزید مسائل پیدا کر سکتی ہیں۔ عوامی حلقوں نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن، ڈپٹی کمشنر حب، اسسٹنٹ کمشنر وندر اور چیئرمین میونسپل کمیٹی وندر سے مطالبہ کیا ہے کہ واٹر ٹینک منصوبے میں ٹھیکیدار کی مبینہ غفلت اور سست روی ناقص منصوبہ بندی اور تعمیراتی معیار سے متعلق شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے موقع پر معائنہ کیا جائے

### بقیہ 6

رند یونیورسٹی سیوی میں یوم آزادی کی تقریبات کو بھرپور جوش و جذبے، ملی یکجہتی اور نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا ان خیالات کا اظہار میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ممتاز علی بلوچ نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ 14 اگست پاکستانی قوم کے لیے ایک تاریخی اور اہم دن ہے، جسے قومی جذبے، اتحاد، یکجہتی اور وطن سے محبت کے ساتھ منانا ہم سب کی ذمہ داری ہے وائس چانسلر پروفیسر ممتاز علی بلوچ نے کہا کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں جشن آزادی کی مناسبت سے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا، جن میں طلباء و طالبات بھرپور شرکت کریں گے یونیورسٹی کی عمارت کو قومی پرچموں اور جھنڈیوں سے سجایا جائے گا جبکہ ملی نغموں، تقاریر، ٹیبلو اور دیگر پروگراموں کے ذریعے طلبہ میں حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کو اجاگر کیا جائے گا انہوں نے خصوصی طور پر بتایا کہ میر چاکر خان رند یونیورسٹی کے طلباء کوئٹہ میں منعقد ہونے والے جشن آزادی سپورٹس فیسٹیول میں بھی حصہ لے رہے ہیں، جہاں یونیورسٹی کے باصلاحیت نوجوان مختلف کھیلوں میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یونیورسٹی کے طلباء اپنی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نمایاں پوزیشنیں حاصل کریں گے اور نہ صرف سیوی بلکہ پورے بلوچستان کا نام روشن کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے پروفیسر ممتاز علی بلوچ نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ ان میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، برداشت، مقابلے کا جذبہ اور قیادت کی صلاحیتیں پیدا کرتے ہیں۔ میر چاکر خان رند یونیورسٹی طلباء کو تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ کھیلوں اور دیگر مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کے لیے بھی کوشاں ہے

### بقیہ 7

ایس پی سیوی عبدالحمید، چیئرمین ایم سی سردار محمد خان نچک، اسسٹنٹ کمشنر سیوی منصور علی شاہ، اسسٹنٹ کمشنر بختیار آباد میر بہادر خان ہنگوری، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر میر گہرام لاشاری، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 14 اگست یوم آزادی کی تقریبات، سیکیورٹی، تعلیمی اداروں میں پروگرامز اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جشن آزادی کو ضلع بھر میں قومی جوش و جذبے اور شایان شان انداز میں منایا جائے گا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 14 اگست کو صبح 8 بجے مرکزی پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوگی، جس میں سرکاری افسران، طلبہ و طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔ اس موقع پر اسکولوں اور کالجوں کے طلبہ و طالبات ملی نغموں، تقاریر، ٹیبلو اور دیگر ملی و ثقافتی پروگرامز پیش کریں گے۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو نے اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع بھر کے تمام تعلیمی اداروں میں 13 اگست کو جشن آزادی کے حوالے سے خصوصی تقریبات منعقد کی جائیں گی، جبکہ 14 اگست کو مرکزی تقریب میں طلبہ و طالبات بھرپور شرکت کریں گے

### بقیہ 8

جذبے، ثقافتی رنگوں اور شاندار پروگراموں نے گوادر کو جشن آزادی کی خوشیوں سے بھر دیا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک کے بعد قومی پرچم کشائی سے ہوا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے قومی پرچم سربلند کیا تقریب میں ملی و قومی نغموں، بلوچی ثقافتی گیتوں، طلبہ کی پرفارمنس، گوادر آرٹس اکیڈمی کے خصوصی ٹیبلو اور روایتی لیوا رقص نے حاضرین کو محظوظ کیا، جبکہ شاندار آتش بازی سے گوادر کا آسمان رنگوں میں نہا گیا اور جشن آزادی کی خوشیوں کو چار چاند لگ گئے۔ تقریب میں چینی شہریوں کی شرکت نے پاک چین دوستی اور باہمی خیرسگالی کے جذبے کو مزید اجاگر کیا۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی اور وطن عزیز سے اپنی محبت و وابستگی کا اظہار کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان کی آزادی ہمارے لیے عظیم نعمت اور قومی ذمہ داری ہے

### بقیہ 9

میں ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمٰن خان سے پروجیکٹ ڈائریکٹر گوادر سیف سٹی ڈاکٹر آصف خان بزنجو نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران پروجیکٹ ڈائریکٹر سیف سٹی نے ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کو منصوبے پر ہونے والی اب تک کی پیش رفت سمیت جاری تعمیراتی کام اور آئندہ کے مراحل سے متعلق بریفنگ دی انہوں نے بتایا کہ منصوبے پر کام تیز رفتاری سے جاری ہے اور شہر کے مختلف اہم، حساس اور مصروف مقامات پر جدید سیکیورٹی کیمروں کی تنصیب کے لیے انڈر گراؤنڈ کیبلنگ اور پولز کی تنصیب کا کام تقریباً مکمل کر لیا گیا ہے، جبکہ آئندہ مرحلے میں جدید کیمروں کی انسٹالیشن کا عمل شروع کیا جائے گا انہوں نے مزید بتایا کہ سیف سٹی منصوبے کے مرکزی کمپلیکس اور کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کی تعمیر پر بھی تیزی سے کام جاری ہے

### بقیہ 10

کو ترقی کی جانب گامزن کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم پاکستان کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے متحد ہو کر کام کریں کیونکہ معاشی طور پر مستحکم ملک کی ترقی کی راہیں تیزی سے طے کر سکتا ہے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بہادر مسلح افواج بالخصوص پاک فوج نے ہر مشکل گھڑی میں ملک کی سرحدوں کا دفاع کرتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے وہ دہشت گردی کے خلاف جنگ ہو، قدرتی آفات ہوں یا قومی سلامتی کو درپیش چیلنجز، پاک فوج نے ہمیشہ بے مثال جرات، قربانی اور پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے پوری قوم اپنی افواج کو ان کی عظیم خدمات اور لازوال قربانیوں پر سلام پیش کرتی ہے شیخ امتیاز حسین نے کہا کہ آج وقت کا تقاضا ہے کہ تمام سیاسی، سماجی، مذہبی اور کاروباری طبقات اپنے اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی یکجہتی اور اتحاد کا مظاہرہ کریں مضبوط اور متحد قومیں ہی ترقی کی منازل طے کرتی ہیں، اس لیے ہمیں ایک پرامن، باوقار اور مضبوط پاکستان کی تعمیر کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ پاکستان کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کے لیے زرعی شعبے، صنعت، برآمدات، سرمایہ کاری اور نوجوانوں کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دینا ہوگی خود انحصاری، محنت، دیانت داری اور قومی وسائل کے مؤثر استعمال کے ذریعے ہی پاکستان معاشی چیلنجز پر قابو پا کر ترقی کی نئی راہیں ہموار کر سکتا ہے

### بقیہ 11

ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ونگ کمانڈر کرنل رضوان طیب، اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ، منظور شیرازی سمیت مختلف محکموں کے متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو BSDI فیز ٹو کے تحت جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ متعلقہ حکام نے اجلاس کو بتایا کہ ضلع نصیرآباد میں BSDI فیز ٹو کے تحت مجموعی طور پر 28 ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے تھے جن میں سے 22 منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ 6 منصوبے تاحال زیر تعمیر ہیں اجلاس میں مکمل شدہ منصوبوں کی پیش رفت زیر تعمیر منصوبوں کی موجودہ صورتحال تعمیراتی رفتار، معیار اور درپیش مسائل کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران سے باقی ماندہ منصوبوں کی تکمیل کے حوالے سے پیش رفت اور مقررہ اہداف کے بارے میں معلومات حاصل کیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے 22 ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ باقی رہ جانے والے 6 زیر تعمیر منصوبوں کو 25 اگست 2026 تک ہر صورت مکمل کیا جائے تاکہ ترقیاتی عمل کو مقررہ مدت کے اندر پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے

### بقیہ 12

مضبوط اور خوشحال پاکستان کا خواب مکمل نہیں ہو سکتا، اس لیے وقت کا تقاضا ہے کہ نوجوانوں کو محض مستقبل کے وارث سمجھنے کے بجائے آج ہی قومی ترقی کے عمل میں مؤثر شراکت دار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی نوجوان کسی سے کم نہیں، انہیں صرف مواقع، درست سمت اور اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمارے نوجوان تعلیم، سائنس و ٹیکنالوجی، کھیل، ادب، فنون، کاروبار، صحافت، سفارت کاری اور دیگر شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ریاست اور معاشرہ نوجوانوں کی صلاحیتوں پر اعتماد کرے اور انہیں آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے لیے جامع، مؤثر اور دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ قومی یوتھ پالیسی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ایسی پالیسی ہونی چاہیے جو صرف اعلانات تک محدود نہ ہو بلکہ نوجوانوں کو تعلیم، ہنر، روزگار، کاروبار، ٹیکنالوجی، تحقیق اور قیادت کے حقیقی مواقع فراہم کرے۔ نوجوانوں کی ضروریات کو پالیسی سازی کے مرکز میں رکھنا ہوگا تاکہ انہیں اپنے مستقبل کے فیصلوں میں بھی مؤثر آواز حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے ہاتھ میں صرف ڈگری نہیں، ہنر اور مواقع بھی ہونے چاہئیں۔ جدید دور میں روایتی تعلیم کے ساتھ ساتھ ڈیجیٹل اسکلز، مصنوعی ذہانت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، فری لانسنگ، ای کامرس، گرین ٹیکنالوجی اور جدید کاروباری مہارتوں کی فراہمی ناگزیر ہے۔ حکومت، تعلیمی اداروں اور نجی شعبے کو مل کر ایسا ماحول پیدا کرنا ہوگا جہاں نوجوان ملازمت کے متلاشی ہی نہیں بلکہ روزگار پیدا کرنے والے بھی بن سکیں

### بقیہ 13

صورتحال نے کروڑوں پاکستانیوں میں گہری تشویش اور اضطراب پیدا کر دیا ہے۔ حالیہ رپورٹس کے بعد پارٹی حلقوں اور عوام کی جانب سے عمران خان کی خیریت کے بارے میں وضاحت کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان ملک کے سابق وزیراعظم اور کروڑوں پاکستانیوں کے محبوب سیاسی رہنما ہیں، اس لیے ان کی صحت سے متعلق کسی بھی قسم کی غیر واضح یا متضاد اطلاع قابل قبول نہیں۔ حکومت اور جیل انتظامیہ فوری طور پر عمران خان کی صحت کے بارے میں مستند معلومات قوم کے سامنے لائیں اور انہیں بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ سید صادق آغا نے مطالبہ کیا کہ عمران خان کا معائنہ آزاد، ماہر اور قابل اعتماد ڈاکٹروں سے کرایا جائے اور ان کے اہل خانہ اور ذاتی معالجین کو بھی ان کی صحت سے متعلق مکمل معلومات اور رسائی فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کے معاملے کو سیاسی اختلافات سے بالاتر رکھا جانا چاہیے اور کسی بھی صورت انسانی جان کو خطرے میں نہیں ڈالا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف کے کارکن اپنے قائد کی صحت کے حوالے سے شدید فکر مند ہیں

### بقیہ 14

کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور زیریں ناڑی کی زمینوں کو پانی فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے اس موقع پر معروف زمینداران عبدالستار بنگلزئی رئیس اللہ ڈتہ ہانبھی حاجی محمد الیاس کلواڑ ارباب مسعود احمد ابڑی حاجی شبیر احمد ابڑی عبدالمنان بنگلزئی نبی بخش بنگلزئی وڈیرہ واحد مندرانی مولا بخش سوہنگی (اے ڈی) اللہ ڈتہ ہانبھی ٹھیکیدار عبدالغفور ہانبھی غلام جان مندرانی و دیگر بھی موجود تھے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے زمینداروں نے کہا کہ زیریں ناڑی کی ہزاروں ایکڑ زرعی اراضی جو کہ کمانڈ ایریا ہے پانی کی عدم دستیابی کے باعث شدید متاثر ہو رہی ہے جبکہ ڈیموں میں پانی موجود ہونے کے باوجود زیریں ناڑی کی طرف پانی نہ چھوڑنا زمینداروں کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے انہوں نے کہا کہ اگر بروقت پانی فراہم نہ کیا گیا تو نہ صرف فصلیں متاثر ہوں گی بلکہ زمینداروں کو بھی ناقابل تلافی معاشی نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا زمینداروں کا کہنا تھا کہ اگر 14 اگست تک زیریں ناڑی کی طرف پانی نہیں چھوڑا گیا اور تمام ڈیموں کے دروازے اوپر نہیں کیے گئے تو وہ سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے انہوں نے واضح کیا کہ اپنے جائز اور بنیادی حق کے حصول کے لیے ہر آئینی و جمہوری راستہ اختیار کیا جائے گا انہوں نے الزام عائد کیا کہ زیریں ناڑی کی زرعی زمینوں کو ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت غیر آباد رکھنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جس کی وہ شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ پانی کی تقسیم میں کسی مخصوص علاقے یا گروہ کو ترجیح دینا اور زیریں ناڑی کے زمینداروں کو ان کے حصے کے پانی سے محروم رکھنا قابل قبول نہیں زمینداروں نے کہا کہ زرعی معیشت کا دارومدار پانی پر ہے اور اگر نہروں شاخوں اور ڈیموں سے پانی کی منصفانہ تقسیم یقینی نہ بنائی گئی تو اس کے اثرات صرف زمینداروں تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پورے علاقے کی معیشت اور عوام کی زندگی متاثر ہوگی

### بقیہ 15

سیمینار کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی سیمینار میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ضلع جھل مگسی ڈاکٹر علی خان مگسی، ڈاکٹر عبدالرزاق (چائلڈ اسپیشلسٹ)، مس ثمینہ (DSO نیشنل پروگرام) غلام دستگیر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر، سماجی رہنما حیدر علی، شاہل خان ڈنگر سمیت محکمہ تعلیم، بی این پی ایف سی، این ایس سی-ڈبلیو ایچ او، بی آئی ایس پی، پی ایچ ای ڈیپارٹمنٹ، اساتذہ کرام، سماجی کارکنان، کمیونٹی عمائدین اور سوشل میڈیا نمائندگان نے شرکت کی سیمینار سے خطاب میں ڈاکٹر علی خان مگسی (DHO) نے والدین کے کردار کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بچوں کی جسمانی، ذہنی اور جذباتی نشوونما میں والدین کا مثبت رویہ بنیادی حیثیت رکھتا ہے

### بقیہ 16

ورکرز مختلف حادثات کے نتیجے میں شہید ہو چکے ہیں جن میں سے اکثریت بلوچستان میں کان کنی کے دوران پیش آنے والے حادثات میں شہید ہوئے ہیں، صوبائی حکومت، محکمہ معدنیات، محکمہ لیبر، مائن انسپکٹر اور مائن اونر اپنی ذمہ داری احسن طریقے سے ادا کرتے ہوئے اگر مناسب حفاظتی اقدامات، گیس کی نگرانی، وینٹی لیشن، ورکرز کی تربیت، معائنہ اور ایمرجنسی ریسکیو انتظامات کے حوالے سے اقدامات کیے جائیں تو قیمتی انسانی جانیں بچائی جا سکتی ہیں۔ گزشتہ روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان نے کہا کہ خاص طور پر زہریلی گیس، ناقص وینٹی لیشن، گیس ڈیٹیکشن سسٹم کی کمی، غیر محفوظ کانوں، حفاظتی آلات کی عدم دستیابی اور ریسکیو سہولیات کی کمی کان کنوں کی زندگیوں کیلئے مسلسل خطرہ بنی ہوئی ہے۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن حکومت بلوچستان اور محکمہ معدنیات سے مطالبہ کرتی ہے کہ رواں سال مائننگ کے شعبے میں ہونے والے حادثات کی شفاف، غیر جانب دارانہ، آزادانہ تحقیقات کرائی جائیں، تحقیقات کی رپورٹس منظر عام پر لائی جائیں اور غفلت یا حفاظتی قوانین کی خلاف ورزی کے ذمہ دار افراد کا تعین کر کے سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے، محکمہ معدنیات کے مائن انسپکشن اور انفورسمنٹ سسٹم کو فوری طور پر مضبوط کیا جائے

### بقیہ 17

(ESP)، یونیسف (UNICEF) اور یورپی یونین کے اشتراک سے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شیخ اسماعیل گوادر میں قائم اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر سینٹر میں طالبات کی طبی و تکنیکی تربیت کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس ہال میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ہے اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر پروگرام طالبات کی صلاحیتوں میں اضافے کے ساتھ انہیں ہنگامی طبی حالات سے نمٹنے، انسانی جانیں بچانے اور معاشرے کی مؤثر خدمت کے قابل بنائے گا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت، محکمہ تعلیم، یونیسف اور یورپی یونین کی مشترکہ کاوشیں بلوچستان کے تعلیمی نظام میں مثبت اور دیرپا تبدیلی کی بنیاد رکھ رہی ہیں۔ ایسے پروگرامز کے ذریعے نوجوان نسل کو محض نصابی تعلیم تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں عملی زندگی، صحت عامہ، ایمرجنسی مینجمنٹ اور انسانی خدمت کے لیے ضروری مہارتیں فراہم کی جا رہی ہیں رکن صوبائی نے کہا کہ ہماری سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ ہم اپنے اندر موجود صلاحیتوں کو بروقت پہچان نہیں پاتے اور نہ ہی انہیں درست سمت میں استعمال کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر بے شمار صلاحیتیں اور استعداد رکھی ہیں، جنہیں بروئے کار لا کر نہ صرف ذاتی زندگی بلکہ پورے معاشرے میں مثبت تبدیلی لائی جا سکتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اپنی خامیوں پر قابو پائیں، اپنی صلاحیتوں کو نکھاریں اور ملک و قوم کی ترقی میں فعال کردار ادا کریں انہوں نے مزید کہا کہ ووکیشنل و اسکل ٹریننگ سینٹر کی کامیاب تربیت کے نتیجے میں علاقے کی میٹرک پاس طالبات کے لیے روزگار کے عملی مواقع پیدا ہوئے ہیں

### بقیہ 18

گیا۔ اجلاس کے موقع پر محکمہ صحت کے افسران نے ڈپٹی کمشنر خالد خان کو ضلع بھر کے طبی مراکز میں صحت کی سہولیات، جاری منصوبوں اور دیگر امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد خان نے کہا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سرکاری ہسپتالوں اور مراکز صحت میں علاج معالجے کی سہولیات، ادویات، ڈاکٹرز اور دیگر ضروری امور کو بہتر بنایا جائے گا جبکہ جاری ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے

### بقیہ 19

کیا تقریب میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے طالبہ کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے اسے بلوچستان کے نوجوانوں کی صلاحیتوں اور تعلیمی استعداد کا روشن مظہر قرار دیا۔ انہوں نے طالبہ کے والدین، اساتذہ اور اسکول انتظامیہ کی محنت کو بھی قابل تحسین قرار دیا طالبہ کی جانب سے ایوارڈ اسکول کے استاد نسیم شیر محمد نے وصول کیا آمنہ داد کریم کی کامیابی وزیراعلیٰ بلوچستان کی تعلیم دوست پالیسی، نوجوانوں کی حوصلہ افزائی اور باصلاحیت طلبہ کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے عزم کی عکاس ہے۔ یہ کامیابی گوادر، اسکول، اساتذہ، والدین اور پورے بلوچستان کے لیے باعث فخر ہے۔

### بقیہ 20

یونیورسٹی کو مکمل طور پر پیپرلیس انسٹیٹیوشن میں بھی تبدیل کر دیا ہے جو ڈیجیٹل تبدیلی اور جدید تعلیم کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ان سنگ میلوں کو حاصل کرنے کے بعد، ہمارا اگلا قدم بی ایس آرٹیفیشل انٹیلیجنس پروگرام اور پیپرلیس یونیورسٹی ماڈل کو دیگر تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں تک وسعت دینا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر نیویارک میں "یوتھ اینڈ اے آئی سمٹ" کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ واضح رہے کہ اس گلوبل سمٹ میں 186 ممالک کے مندوبین شرکت کر رہے ہیں۔ مذکورہ سربراہی اجلاس سے امریکہ میں مقیم ممتاز پاکستانی بزنس مین تنویر احمد اور میکسم کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عذیر حسن بھی خطاب کرینگے۔ یوتھ اینڈ اے آئی سمیٹ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ نیا تیزی سے آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے نئے دور میں داخل ہو رہی ہے۔ یہ صرف ایک تکنیکی رجحان نہیں بلکہ یہ ایک متعین قوت ہے جو ہماری مستقبل کی ترقی پور یہاں تک کہ ہماری بقا کو بھی تشکیل دیتی ہے۔ آرٹیفیشل انٹیلیجنس ہماری روزمرہ کی زندگی کا ایک زندہ حقیقت ہے۔ آرٹیفیشل انٹیلیجنس تمام کلیدی شعبوں بشمول تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، زراعت، صنعت، مالیات اور پبلک گورننس میں انقلاب برپا کر رہا ہے۔ ان متحرک تبدیلیوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے ہم بلوچستان کی تمام گیارہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں ڈیجیٹل تبدیلی کی مضبوط بنیادیں رکھ رہے ہیں۔ ہمارا مقصد اپنے یونیورسٹی اسٹوڈنٹس کو فلسفیانہ تجسس، سائنٹفک ناج اور جدید ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنا ہے جو انٹرنیشنل معیارات پر پورا اترتے ہیں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ اس ضمن میں ہم اپنے نوجوانوں کو جدید سائنس، ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت سے بااختیار بنانے کیلئے تعاون اور فکری رہنمائی کیلئے اقوام متحدہ اور دیگر بین الاقوامی اداروں کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ گورنر جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ بحیثیت گورنر اور ہمارے نوجوانوں کی امنگوں کا نمائندہ ہونے کے ناطے میں اس بات پر زور دینا چاہوں گا کہ پاکستان خطے کے ینگیسٹ ممالک میں سے ایک ہے جسکی آبادی کا تقریباً 64 فیصد حصہ نوجوان پر مشتمل ہے۔ اسطرح بلوچستان خصوصاً آبادی کے لحاظ سے سب سے زیادہ نوجوان رکھنے کا صوبہ ہے۔ ہمارے نوجوان ٹیلنٹ اور عزم میں کسی سے پیچھے نہیں ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ انہیں مواقع اور رسائی فراہم کریں۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہمیں محض تھیوری اور لیکچر پر مبنی کلاسوں سے اپلائیڈ ریسرچ اور پریکٹیکل سلوشن کی جانب بڑھنا ہوگا تاکہ ہم اپنے معاشی، زرعی اور سماجی چیلنجوں کا دیرپا حل ڈھونڈنے کے قابل بن جائیں۔ انٹرنیشنل رجحانات کے پیش نظر، یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے نوجوانوں کو بڑے پیمانے پر ڈیجیٹل مہارتوں میں ٹریننگ دیں۔ یہ ہنر انہیں ملازمت کے متلاشیوں سے سرکاری اور پرائیویٹ دونوں شعبوں میں ملازمت فراہم کرنے والوں میں بدل دیگا۔ وہ ہمارے صوبے کے فارغ التحصیل افراد کو ایسے کاروباری بننے کے قابل بھی بنائیں گے جو دوسروں کیلئے روزگار پیدا کرتے ہیں۔ ہمارے نوجوانوں کو فلاسفی، ٹیکنالوجی اور مواقع سے بااختیار بنائیں تاکہ وہ ایک خوشحال، پرامن اور آگے بڑھتے ہوئے پاکستان اور بلوچستان کی تعمیر کر سکیں۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ پاکستان کے نمائندوں کے طور پر، ہم گلوبل کمیونٹی کے ساتھ کھڑے ہیں تاکہ ایک ذمہ دار آرٹیفیشل انٹیلیجنس سے چلنے والے مستقبل کی تشکیل ہو جس میں تمام شامل ہوں اور کسی کو پیچھے نہ چھوڑے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ جو لوگ وقت پر اڑنا نہیں سیکھتے، وہ ساری زندگی رینگنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔ اگر ہم اج جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجیز بالخصوص آرٹیفیشل انٹیلیجنس کو اپنانے میں ناکام رہے تو ہم انسانی ترقی کے ہر شعبے میں پیچھے رہ جائیں گے۔ گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل یوتھ انٹرنیشنل آرگنائزیشن کے زیراہتمام کامیاب گلوبل سمیٹ پر تمام منتظمین اور شرکاء کو مبارکباد پیش کی۔

### بقیہ 21

بیٹے اور فوکل پرسن، معروف سماجی شخصیت میر رافع خان جکھرانی سے ان کی رہائش گاہ پر ایک اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع جیکب آباد میں شجر کاری مہم کا دائرہ کار وسیع کرنے، ماحولیاتی تحفظ، گرین ہاؤس اثرات کے خاتمے اور درختوں کی افادیت و اہمیت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر احمد رند اور تاج ویلفیئر کے نمائندگان نے میر رافع خان جکھرانی کو مہم کے بنیادی اہداف اور مستقبل کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ احمد رند نے بتایا کہ "ایک شجر، ایک بشر" مہم کا بنیادی مقصد عوام الناس میں شجر کاری کا شعور بیدار کرنا، ہر فرد کو کم از کم ایک پودا لگانے کی ترغیب دینا اور علاقائی ماحول کو صاف، سرسبز و خوشگوار بنانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مسلسل بڑھتے ہوئے درجہ حرارت اور آلودگی کے خاتمے کے لیے زیادہ سے زیادہ درخت لگانا ناگزیر ہو چکا ہے، کیونکہ درخت نہ صرف ماحول کو متوازن رکھتے ہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کی بھی ضمانت ہیں۔

### بقیہ 22

مطابق دھماکا قومی شاہراہ سے تقریباً 800 میٹر کے فاصلے پر قائم والو اسمبلی کے قریب کیا گیا۔ دھماکے کے بعد پائپ لائن سے آگ کے بلند شعلے اٹھتے رہے، جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام کے مطابق پائپ لائن متاثر ہونے کے باعث کوئٹہ کے مختلف علاقوں کے علاوہ کولپور، مچھ، مستونگ، قلات، پشین اور زیارت کو گیس کی سپلائی مکمل طور پر معطل ہوگئی ہے، جس سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کا کہنا ہے کہ سکیورٹی اداروں کی جانب سے علاقے کو کلیئر قرار دیے جانے کے فوراً بعد فنی ٹیموں کو مرمت کے لیے جائے وقوعہ پر روانہ کیا جائے گا۔ حکام کے مطابق پائپ لائن کی بحالی کے لیے مرمتی کارروائی سکیورٹی کلیئرنس ملنے کے بعد شروع کی جائے گی۔ دوسری جانب واقعے میں ملوث عناصر کی تلاش کے لیے متعلقہ اداروں نے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

### بقیہ 23

حب میں یوم آزادی کی سالگرہ تقریبات کو شاندار منظم پرامن ماحول میں بھرپور قومی جذبے کے ساتھ منانے کی تیاریاں جاری ہیں۔

### بقیہ 24

کی ذمہ داری ہے، ملک میں مذہبی ہم آہنگی، امن اور انصاف کے قیام کیلئے اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ناگزیر ہے، پاکستان میں اقلیتوں کے مذہبی مقامات اور جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے جبکہ اقلیتوں کی قومی و صوبائی اسمبلیوں میں نمائندگی سلیکشن کی بجائے الیکشن کے ذریعے کی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے کہا کہ کرسچن کمیونٹی نے پاکستان کی تعمیر و ترقی میں بھرپور کردار ادا کرنے کیساتھ ملکی دفاع کیلئے بھی بے شمار قربانیاں دی ہیں، آئین پاکستان اقلیتوں کے حقوق کی مکمل ضمانت فراہم کرتا ہے، ملک کی ترقی اور استحکام کیلئے تمام مذاہب اور مسالک کے درمیان احترام اور برداشت کو فروغ دینا ہوگا

### بقیہ 25

کے مختصر عرصے میں مکمل کر کے ایک نئی مثال قائم کر دی ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اس اقدام سے نہ صرف متاثرہ خاندانوں کو فوری مالی معاونت میسر آئی بلکہ یہ امر بھی ثابت ہوا کہ سرکاری ادارے اور متعلقہ حکام باہمی تعاون سے مزدوروں اور ان کے خاندانوں کو بروقت ریلیف فراہم کر سکتے ہیں۔ ورکرز ویلفیئر فنڈ کی جانب سے ڈیتھ گرانٹ کی منظوری اور چیکس کی فوری تقسیم متاثرہ خاندانوں کے لیے ایک بڑا ریلیف ہے۔ اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر امیر مقام اور سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ اسلام آباد ذوالفقار علی نے متاثرہ خاندانوں کی دہلیز پر پہنچ کر انہیں ڈیتھ گرانٹ کے چیکس تقسیم کیے، جس پر متاثرہ خاندانوں نے حکام کا شکریہ ادا کیا۔ پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن نے کہا کہ اس تمام عمل کو مختصر ترین مدت میں مکمل کرنے میں ممبر گورننگ باڈی ورکرز ویلفیئر فنڈ اسلام آباد، پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن کے صوبائی جنرل سیکرٹری پیر محمد کاکڑ اور ان کے ساتھیوں نے اہم اور مؤثر کردار ادا کیا۔ یونین نے اس اقدام کو مزدور دوست پالیسیوں اور متاثرہ خاندانوں کی فوری دادرسی کی جانب اہم پیش رفت قرار دیتے ہوئے تمام متعلقہ حکام اور ذمہ داران کو خراج تحسین پیش کیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ مزدور ملکی معیشت کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے دوران ملازمت حادثات کا شکار ہونے والے مزدوروں کے خاندانوں کی بروقت مالی معاونت ریاستی اداروں کی اہم ذمہ داری ہے۔ سورینج کان حادثے کے متاثرین کے لواحقین کو صرف دس دن میں ڈیتھ گرانٹ کی فراہمی ایک قابل تقلید مثال ہے

### بقیہ 26

کی ٹیکس تعمیل یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ اس سلسلے میں متعلقہ ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی سروس فراہم کرنے والوں کو حتمی نوٹسز جاری کرتے ہوئے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور تمام قانونی تقاضوں کی پابندی یقینی بنائیں۔ نوٹسز میں متعلقہ سروس فراہم کنندگان کو بروقت ٹیکس ریٹرن فائل کرنے، واجب الادا ٹیکس کی ادائیگی اور دیگر قانونی ذمہ داریاں پوری کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ بی آر اے نے واضح کیا ہے کہ مقررہ مدت میں تعمیل نہ ہونے کی صورت میں بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے کہا ہے کہ ٹیکس قوانین پر مؤثر عملدرآمد، ٹیکس نیٹ میں توسیع، شفافیت اور ٹیکس دہندگان کی سہولت کاری حکومت بلوچستان کی ترجیحات میں شامل ہیں، اور تمام سروس فراہم کنندگان سے قانون کی مکمل پاسداری کی توقع کی جاتی ہے۔

### بقیہ 27

بغیر سزا دینا اور انہیں خوف و ہراس میں مبتلا کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ طاقت کا استعمال اپنے ہی شہریوں کے خلاف مسائل کو حل کرنے کے بجائے مزید پیچیدہ اور سنگین بناتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ نیشنل پارٹی نے روز اول سے واضح کیا ہے کہ طاقت کا استعمال بلوچستان کے مسائل کا حل نہیں، بلکہ اس سے مزید بداعتمادی اور تشدد کو جنم ملتا ہے۔ بلوچستان کے مسائل کا حل طاقت نہیں بلکہ سیاسی مکالمہ، آئین و قانون کی بالادستی اور عوام کے بنیادی حقوق کے احترام میں مضمر ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ حکومت سوراب میں فوری طور پر آپریشن اور بمباری کا سلسلہ بند کرے، شہری آبادی کے تحفظ کو یقینی بنائے اور زخمیوں کو فوری طور پر بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔

بقیہ 1

انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری ملازمتوں میں ضلعی تخصیص شدہ کوٹے پر مقامی افراد کی بھرتی یقینی بنائی جائے گی اور کسی کا حق مارنے کی اجازت نہیں دی جائے گی وزیراعلیٰ بلوچستان کی گوادر آمد پر انتظامی افسران نے ان کا استقبال کیا، جبکہ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے انہیں سلامی پیش کی۔ بعدازاں وزیراعلیٰ بلوچستان سے آل پارٹیز گوادر کے عہدیداران اور سیاسی جماعتوں کے نمائندوں نے ملاقات کی، جس میں گوادر کی مجموعی صورتحال، عوامی مسائل، بنیادی سہولیات، روزگار، اور دیگر علاقائی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران سیاسی جماعتوں کے نمائندوں نے گوادر کو درپیش مختلف مسائل پر اظہارخیال کرتے ہوئے بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی، مقامی نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع اور درجہ چہارم کی آسامیوں کے ٹیسٹ وانٹرویوز مقامی سطح پر منعقد کرنے کا مطالبہ کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سیاسی نمائندوں کے مطالبات کا جائزہ لیتے ہوئے گوادر سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں درجہ چہارم کی آسامیوں کے ٹیسٹ مقامی سطح پر منعقد کرنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمتوں میں ضلعی تخصیص شدہ کوٹے پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا تاکہ مقامی نوجوانوں کو ان کا جائز حق مل سکے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کسی مقامی امیدوار کا حق مارنے کی اجازت نہیں دیں گے، بھرتیوں کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور ضلعی کوٹے کی پابندی یقینی بنائی جائے گی اس موقع پر وزیراعلیٰ نے محکمہ فشریز اور محکمہ جنگلات گوادر کی درجہ چہارم کی آسامیوں پر غیرمقامی افراد کی تعیناتی سے متعلق شکایات کا بھی نوٹس لیا اور چیف منسٹر انسپکشن ٹیم کو معاملے کی مکمل تحقیقات کا حکم دیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تحقیقات شفاف انداز میں مکمل کرکے حقائق پر مبنی رپورٹ پیش کی جائے اور اگر کسی بھی سطح پر قواعد وضوابط کی خلاف ورزی ثابت ہوئی تو ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گوادر بلوچستان کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل شہر ہے اور یہاں کی ترقی کے ثمرات سب سے پہلے مقامی آبادی تک پہنچنے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ گوادر کی ترقی صرف بڑے ترقیاتی منصوبوں کی تعمیر کا نام نہیں بلکہ مقامی لوگوں کو بنیادی شہری سہولیات، روزگار، تعلیم، صحت، پانی اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی بھی ترقی کا لازمی حصہ ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ گوادر کی ترقی کے لیے ہر دور میں دعوے کیے گئے، اب گزشتہ 20 سال کا ریکارڈ دیکھا جائے گا کہ گوادر کی ترقی کے لیے کتنے وسائل خرچ کیے گئے اور ان وسائل کے استعمال سے عوام کی زندگیوں میں کتنا حقیقی فرق آیا انہوں نے کہا کہ حکومت ترقیاتی منصوبوں کے اثرات اور عوام کو حاصل ہونے والے فوائد کا جائزہ لے گی تاکہ مستقبل کی منصوبہ بندی زمینی حقائق اور عوامی ضروریات کے مطابق کی جاسکے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت گوادر کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے سیاسی جماعتوں، منتخب نمائندوں، ضلعی انتظامیہ اور مقامی اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کا سلسلہ جاری رکھے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی شکایات اور جائز مطالبات کو نظرانداز نہیں کیا جائے گا بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ گوادر اور بلوچستان کی ترقی حکومت کا اہم مرکز ہے، تاہم پائیدار ترقی اسی وقت ممکن ہے جب مقامی آبادی خود کو ترقی کے عمل کا حصہ سمجھے اور اسے اپنے بنیادی حقوق اور مواقع حاصل ہوں۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ گوادر کے عوامی مسائل کے حل، ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی اور سرکاری وسائل کے شفاف استعمال کو یقینی بنایا جائے ملاقات میں گوادر سے منتخب رکن قومی اسمبلی ملک شاہ گورگیج، رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن، صوبائی وزراء میر ضیاء لانگو، سردار فیصل خان جمالی، قبائلی وسیاسی رہنماء میر ساجد دشتی، پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون، ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ سمیت دیگر متعلقہ انتظامی افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 2

ملاقات کی۔ ملاقات میں افغان سفیر نے مولانا فضل الرحمان کو افغانستان کے قومی دن کی مناسبت سے منعقد ہونے والے پروگرام میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر علاقائی سیاسی صورتحال اور امن وامان سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر بھی گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں سینیٹر کامران مرتضیٰ اور مولانا صلاح الدین بھی موجود تھے۔

بقیہ 3

ہے کہ 27 ستمبر کو بھی ایسا ہی ہوسکتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو انہوں نے کہا کہ پاکستان کو سیاسی عدم استحکام کا شکار نہیں کرنے دیں گے، اگر ایسا حملہ ہوگا تو حملہ آور کے ہاتھ کاٹے جائیں گے۔ طلال چوہدری نے کہا کہ نفرت اور انتشار کی وجہ سے نو مئی ہوا اور اسی وجہ سے مال روڈ کا واقعہ پیش آیا، بانی پی ٹی آئی کے بیانات اور تقریروں سے نفرت اور انتشار بڑھتا رہا۔ انہوں نے کہا کہ آپ کی سوشل میڈیا پوسٹس ہمارے شہدا کی تضحیک کرتی ہیں، پی ٹی آئی کو نفرت اور انتشار کی سیاست نہ کرنے [illegible]

بقیہ 4

[illegible]

بقیہ 5

[illegible]

بقیہ 6

[illegible]

بدامنی اور شرانگیزی کی تیاری کے دوران عام شہریوں کی جانوں کا ضیاع انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کی عفریت کے ملک سے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ ارض وطن کی حفاظت کے غیر متزلزل عزم میں مجھ سمیت پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ وزیراعظم نے آپریشن میں حصہ لینے والے سیکورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں قوم اپنی سیکورٹی فورسز کے ساتھ متحد ہے۔ انہوں نے دھماکے میں جاں بحق ہونے والے عام شہریوں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 7

نوجوانوں کو ترقی کے سفر میں پیچھے نہیں رہنے دیں گے، غریب کا بچہ اعلیٰ تعلیم سے محروم نہیں رہے، دانش سکولوں کا معیار ایچی سن سے کسی طور کم نہیں ہے، اسلام آباد میں دانش یونیورسٹی میں کلاسوں کا آغاز آئندہ سال ہو جائے گا، 7 لاکھ لیپ ٹاپ میرٹ پر نوجوانوں میں تقسیم کیے ہیں، رواں سال مزید دو لاکھ پچاس ہزار نوجوانوں کو کروم بکس دیں گے، رواں سال ایک ہزار طلبہ وطالبات کو آئی ٹی اور اے آئی کی تعلیم کے لیے چین بھجوایا جائے گا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار بدھ کو یہاں نوجوانوں کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں وفاقی وزرا، ارکان پارلیمنٹ، طلبہ وطالبات اور دیگر شرکت کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج ہم سب نوجوانوں کے عالمی دن کے سلسلے میں جمع ہیں، میں نے بہت کوشش کی ہے کہ تعلیم کے میدان میں ہم دوسرے ممالک کے مقابلے میں کسی طور بھی پیچھے نہ رہیں، اس کے لیے بطور خادم پنجاب تعلیم کے فروغ کے لیے اقدامات کیے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پنجاب اور باقی صوبوں کے طول وعرض میں لاکھوں کروڑوں بچے اور بچیاں انتہائی قابل اور ذہین ہیں اور اگر ان کو تعلیم کے زیور سے آراستہ ہونے کا موقع ملے تو وہ دوسرے دیہات اور شہروں کے بچوں کو پیچھے چھوڑ جائیں لیکن یہ کتنی ستم ظریفی ہے کہ ایک طرف امرا کے بچوں کو نہ صرف پاکستان کی بہترین درسگاہوں میں تعلیم کے مواقع میسر ہوتے ہیں بلکہ وہ دنیا کی بہترین یونیورسٹیز میں بھی مہنگے اخراجات برداشت کرکے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ ان کے پاس وسائل ہوتے ہیں جبکہ ان کے مقابلے میں ملک میں لاکھوں والدین کے بچوں کے لیے عام تعلیم کے مواقع بھی میسر نہیں ہوتے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایچی سن کالج میں اشرافیہ کے بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں جہاں پر غریب والدین کے بچے تعلیم حاصل کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتے، یہ وہ تضاد ہے جس کی وجہ سے پاکستان میں تعلیم کے میدان میں ہم بہت پیچھے رہ گئے لیکن الحمدللہ حالیہ سالوں میں دانش سکولوں کی جو بنیاد رکھی گئی ان سے غریب والدین کے بچے بھی بہترین تعلیم حاصل کر رہے ہیں، پاکستان بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی عظیم تحریک کے نتیجے میں معرض وجود میں آیا جس کے لیے لاکھوں مسلمانوں نے اپنے خون کا نذرانہ پیش کیا، انہوں نے تمام اپنی جائیدادیں اور ہر چیز وہاں چھوڑ کر اس خواب کو آنکھوں میں بسایا کہ پاکستان میں تعلیم، صحت اور محنت کے بل بوتے پر ترقی کے مواقع سے معاشرے میں اپنا مقام بنائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ قیام پاکستان کا بنیادی مقصد ایک فلاحی ریاست کا قیام تھا جہاں پر سب کو مساوی حقوق اور ترقی کے مواقع حاصل ہوں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ منزل ہنوز دور ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ دانش سکولوں کا پنجاب سے آغاز کیا گیا، اب یہ سکول بطور خادم پاکستان گلگت بلتستان، آزاد جموں وکشمیر اور بلوچستان کے سنگلاخ پہاڑی علاقوں میں بھی بنا رہے ہیں جہاں پر ان شا اللہ قوم کے عظیم بیٹوں اور بیٹیوں کو مفت تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملے گا اور دانش سکول میں تعلیم کا معیار کسی صورت بھی ایچی سن کالج سے کم نہیں ہے۔ دانش سکول میں تعلیم حاصل کرنے والے ایک محنت کش کے ہونہار بچے نے محنت کر کے اپنے والدین اور اساتذہ کا نام روشن کیا ہے، کراچی سے پشاور تک بچے اور بچیاں تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنا ہوں گے، نوجوانوں نے تعلیم کے شعبے میں بہت آگے جانا ہے، آج کا دور فنی تعلیم، آئی ٹی اور اے آئی کا ہے اور اگر ہم نے اس جدید علوم کو اپنے سفر میں شامل نہ کیا تو پھر ہم ترقی کی دوڑ میں بہت پیچھے رہ جائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج ہزاروں کی تعداد میں بچے اور بچیاں دانش سکولوں سے فارغ التحصیل ڈاکٹرز، انجینئرز اور ٹیچرز ہیں اور بیرون ملک جا کر معاشوں میں بھی حصہ لے رہے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ قوم کو نوجوان نسل سے بہت امیدیں وابستہ ہیں، ان کے ملکی آبادی کا اکثریتی حصہ ہے انہیں مختلف ہنرمندی کے مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے، ہم نے اس سال نوجوانوں کی ترقی و خوشحالی کے لیے بجٹ میں خاطر خواہ رقم رکھی تھی، پچھلے سال چاروں صوبوں سے میرٹ پر سرکاری خرچ پر ایک ہزار زرعی گریجویٹس کو تربیت کے لیے چین بھجوایا تھا، ایک ہزار بچے اور بچیاں اس سال بھی بھجوائیں [illegible]

بقیہ 8

[illegible]

بقیہ 9

[illegible]

بقیہ 10

[illegible]

بقیہ 11

[illegible]

بقیہ 12

[illegible]

بقیہ 13

[illegible]

بقیہ 14

[illegible]

بقیہ 15

[illegible]

بقیہ 16

[illegible]

بقیہ 17

[illegible]

بقیہ 18

[illegible]

بقیہ 19

[illegible]

بقیہ 20

[illegible]

بقیہ 21

[illegible]

بقیہ 22

[illegible]

گا، ای فائلنگ کمپلیکس میں ججوں، عدالتی عملے، وکلا اور سائلین کی عملی ضروریات کو مدنظر رکھا جائے گا۔ اس موقع پر نیشنل ای فائلنگ کمپلیکس کو حتمی شکل دینے کے لیے مشترکہ کمیٹی قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا، کمیٹی میں بار کونسلز، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن، سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کے رجسٹرارز کے نمائندگان شامل ہوں گے، متعلقہ بار کونسلز اپنے ارکان سے مشاورت کرکے آئندہ اجلاس میں تجاویز پیش کریں گی اور نیشنل ای فائلنگ فریم ورک پر آئندہ مشاورتی اجلاس 20 اگست 2026 کو ہوگا۔ چیف جسٹس نے کہا کہ قومی ای فائلنگ فریم ورک کی تیاری میں بار کے ساتھ بامعنی مشاورت مرکزی حیثیت کی حامل ہوگی۔

بقیہ 23

ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں سلمان اکرم راجہ اور مشعال یوسفزئی کے درمیان اختلافات شدت اختیار کرگئے ہیں اور دونوں جانب سے ایک دوسرے پر سخت الزامات اور لفظی گولہ باری کی گئی۔ پی ٹی آئی کے سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تحریک چلانے کی باتوں کے دوران بے بنیاد الزامات کیوں لگ رہے ہیں، اب سمجھ آجانا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب سے سہیل آفریدی وزیراعلیٰ بنے ہیں، اسی دن سے ان کے اور سہیل آفریدی کے خلاف منظم سازش کی جارہی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق سلمان اکرم راجہ نے دعویٰ کیا کہ بانی پی ٹی آئی نے بھی مشعال یوسفزئی کو فارغ کرنے کا کہا تھا، پارٹی میں ایک چھوٹا سا انتشاری گروپ موجود ہے جس سے ڈیل کرنا پڑے گا۔ دوسری جانب مشعال یوسفزئی نے سلمان اکرم راجہ کو جواب دیتے ہوئے سوال کیا کہ وہ انتشاری ٹولہ کسے کہتے ہیں؟ سلمان اکرم راجہ کی پارٹی میں کسی سے بھی نہیں بنتی۔ مشعال یوسفزئی نے دعویٰ کیا کہ ان کی شکایت پر بانی پی ٹی آئی نے سلمان اکرم راجہ کو ڈانٹا اور معافی بھی منگوائی جبکہ بشریٰ بی بی نے بھی انہیں کہا تھا کہ سلمان اکرم راجہ ان سے بڑے ہیں اور انہیں اپنا رویہ درست کرنا چاہیے۔ پی ٹی آئی رہنما شاندانہ گلزار نے بھی سیکریٹری جنرل سلمان اکرم راجہ سے سخت سوالات کیے۔ انہوں نے پوچھا کہ امریکہ سے سیاسی قیدیوں کے لیے آنے والے 50 کروڑ روپے کہاں گئے؟ جبکہ علی امین گنڈاپور کی جانب سے دیئے گئے 40 کروڑ روپے سے متعلق بھی سوال اٹھایا کہ وہ رقم کون لے گیا؟۔ کرپشن کے الزامات پر سلمان اکرم راجہ نے سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ غلاظت کو ہر طرف غلاظت ہی نظر آتی ہے۔

بقیہ 24

کارروائیوں میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ 18 دہشتگرد ہلاک ہوگئے، جبکہ 3 شہری جاں بحق اور 2 سیکیورٹی اہلکار زخمی ہوئے۔ آئی ایس پی آر سے جاری بیان کے مطابق 12 اگست کو سوراب میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی جانب سے آئی ای ڈی سے لیس گاڑی کی تیاری کے دوران دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں 8 دہشتگرد ہلاک جبکہ متعدد زخمی ہوگئے، گاڑی پھٹنے اور بعدازاں ہونیوالے ایک اور دھماکے کے نتیجے میں قریب موجود 3 شہری بھی جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کے فوری بعد بلوچستان پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوعہ پر پہنچیں اور علاقے میں مشترکہ کلیئرنس آپریشن شروع کردیا، اس دوران سیکورٹی فورسز نے فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب کیا اور مزید 10 دہشتگردوں کو ہلاک کردیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق واقعے میں اب تک مجموعی طور پر 18 دہشتگرد ہلاک کیے جاچکے ہیں، جبکہ شدید فائرنگ کے تبادلے میں سیکورٹی فورسز کے 2 جوان بھی زخمی ہوئے، علاقے میں موجود دیگر دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان کی وفاقی اپیکس کمیٹی کی منظور کردہ انسداد دہشتگردی مہم عزم استحکام کے تحت سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشتگردی کے خاتمے کے لیے انسداد دہشتگردی کی کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔

بقیہ 25

بتایا گیا ہے کہ ٹرانسپورٹرز نے مطالبات تسلیم ہونے تک ہڑتال جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ ٹرانسپورٹرز کا مطالبہ ہے کہ روزانہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کا فیصلہ واپس لیا جائے، جبکہ ٹوکن، ٹول اور ٹرانسفر فیس میں 50 فیصد کمی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مطالبات پر مؤثر پیشرفت تک ہڑتال ختم نہیں کی جائے گی۔ گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال کی وجہ سے اشیائے خورونوش سمیت دیگر مصنوعات کی ترسیل میں تعطل آیا ہوا ہے جس کی وجہ سے تاجروں اور عوام کی مشکلات بڑھ رہی ہیں۔

بقیہ 26

کردی مسافر گاڑیوں کو روک کر شناختی کارڈز ودیگر دستاویزات چیک تین افراد کو اغواء کرکے اپنے ساتھ لے گئے اطلاعات کے مطابق پھچی کے علاقے حاجی شہر پولیس تھانے کی حدود دوسہ لاشاری چیک پوسٹ کے مقام ڈبل روڈ این اے 65 قومی شاہراہ پر درجنوں نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ لگا کر مسافر گاڑیوں کی چیکنگ شروع کردی امدہ اطلاعات کے مطابق مسافروں سے شناختی کارڈز ودیگر دستاویزات چیک کیں جبکہ تین افراد کو اغواء کرکے اپنے ساتھ لے گئے تاہم سرکاری سطح پر اغواء کی تصدیق نہ ہوسکی

بقیہ 27

18 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ماہیان کور کی نجی مائنز پر گزشتہ روز دن ایک بجے آٹھ مسلح نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے دھاوا بول دیا۔ مسلح افراد نے مائنز پر موجود عملے کو یرغمال بنایا اور سات افراد کو اپنے ساتھ لے گئے۔ اغوا ہونے والوں میں گلگت سے تعلق رکھنے والے چار مزدور وجاہت، واجد، شاہد اور صابر جبکہ مقامی تین مزدور ضیاء الدین ساکن دالبندین، شاہ سلیم ساکن ماہیان چاغی اور سعید محمد ساکن ماہیان چاغی شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد مائنز پر شام سات بجے تک موجود رہے اور وہاں موجود ایک زمباد گاڑی، ایک فور بائی فور پک اپ، 20 سے زائد سولر پلیٹس، زرنج موٹر سائیکل، بستر، کچن کا سامان، سلنڈر، 2,500 لیٹر ڈیزل، 1,500 لیٹر پیٹرول سمیت دیگر سامان بھی اپنے ساتھ لے گئے۔ نجی مائنز ذرائع کا کہنا ہے کہ مسلح افراد کئی گھنٹوں تک مائنز میں موجود رہے اور اطمینان کے ساتھ کارروائی مکمل کرنے کے بعد مغوی عملے اور سامان سمیت فرار ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع بروقت متعلقہ انتظامیہ کو دے دی گئی تھی، تاہم تاحال مغوی ساتوں افراد اور لے جایا جانے والا سامان بازیاب نہیں ہوسکا۔ واقعے کے بعد انتظامیہ کی جانب سے مزید کارروائی اور مغویوں کی بازیابی کے لیے کوششیں جاری ہیں

بقیہ 28

کی مدت طے کرنے کے لیے ایک دوسرے سے پیغامات کا تبادلہ کررہے ہیں۔ جنگ بندی کی مدت 17 اگست کو ختم ہونے والی ہے، دونوں فریقین نے جنگ بندی میں توسیع کے لیے رضامندی کے لیے ثالثوں کو آگاہ کردیا۔ واشنگٹن اور تہران نے 17 جون کو 14 نکاتی مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے تھے، جس کے تحت جنگ بندی قائم کرنے اور دونوں ممالک کے درمیان جنگ کے مستقل خاتمے کے لیے مذاکرات مکمل کرنے کی 60 روزہ مدت مقرر کی گئی تھی۔ مفاہمتی یادداشت میں دونوں ممالک کے درمیان جنگ بندی اور آبنائے ہرمز کو تجارتی جہازوں کے لیے کھلا رکھنے کا اعلان کیا گیا تھا، تاہم اہم شقوں میں مبہم زبان کے باعث دونوں فریق ایک دوسرے پر معاہدے کی خلاف ورزی کے الزامات عائد کرتے رہے ہیں۔۔۔۔۔۔ سینئر ایرانی ذرائع نے خبرایجنسی سے گفتگو میں امریکا سے 60 روزہ جنگ بندی میں توسیع پر اتفاق کی خبروں کی تردید کردی۔ سینئر ایرانی ذرائع کے مطابق ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی میں توسیع پر کوئی بات چیت نہیں ہورہی، ایران کے نقطہ نظر سے جنگ بندی کے آغاز کی کوئی تاریخ ہی نہیں، جنگ بندی میں توسیع کے لیے کوئی چیز موجود نہیں۔ سینئر ایرانی ذرائع کا کہنا ہے کہ امریکا نے عبوری معاہدہ طے پانے کے 48 گھنٹے بعد اس کی خلاف ورزی کی، امریکا چند روز بعد معاہدے سے دستبردار ہوگیا، زیر بحث امور میں امریکا کا ایم او یو پر واپس آنا شامل ہے، زیر بحث امور میں امریکا کا اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کے لیے وقت کا تعین شامل ہے۔۔۔۔۔۔ ایران نے عراق کے نیم خودمختار کرد علاقے کے دارالحکومت اربیل کے اطراف میں کرد پوزیشنز کو میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی فورسز نے اربیل میں موجود کرد ٹھکانوں کی جانب میزائل اور ڈرونز داغے۔ حملے کے نتیجے میں علاقے میں سکیورٹی صورتحال مزید کشیدہ ہوگئی ہے۔ ایرانی حملوں کے بعد اربیل صوبے میں چار ڈرونز گر کر تباہ ہوگئے۔ تاہم ابتدائی اطلاعات میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ یہ ڈرونز کس فریق کے تھے اور انہیں کس طرح نشانہ بنایا گیا۔ ایرانی حملوں کا ہدف عراق کے کرد علاقے میں موجود کرد پوزیشنز کو بتایا جارہا ہے تاہم حملے میں ہونے والے جانی یا مالی نقصان کے بارے میں فوری طور پر تفصیلات سامنے نہیں آئی ہیں۔ اربیل اور اس کے اطراف کا علاقہ پہلے بھی ایران اور کرد مسلح گروہوں کے درمیان کشیدگی کا مرکز رہا ہے۔ ایران ماضی میں عراق کے کرد علاقوں میں موجود بعض ایرانی کرد گروہوں کے ٹھکانوں کو اپنی قومی سلامتی کے لیے خطرہ قرار دیتا رہا ہے۔۔۔۔۔۔ ایران کی سپریم قومی سلامتی کونسل کے سربراہ محسن رضائی نے کہا ہے کہ امریکا کو ثالثوں کے ذریعے امریکی انتظامیہ تک پہنچائی گئی شرائط تسلیم کرنا ہوں گی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق محسن رضائی نے اپنے بیان میں کہا کہ واشنگٹن کو جنگ ختم کرنا ہوگی، ایران کے منجمد اثاثے بحال کرنا ہوں گے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ایران کے خلاف امریکا کی غیرقانونی جنگ پورے خطے کے لیے خطرہ ہے۔۔۔۔۔۔ پاسداران انقلاب ایران کے ترجمان بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے دعویٰ کیا ہے کہ رمضان میں ایران پر مسلط کردہ جنگ کے بعد اب ایک بھی امریکی بحری جہاز خلیج فارس میں موجود نہیں۔ تاہم پاسداران انقلاب نے ایران کی ناکہ بندی کرنیوالے امریکی بحری جہازوں کے بارے میں تفصیلات نہیں دی۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق اپنے بیان میں بریگیڈیئر جنرل حسین محبی نے کہا کہ ایران پر مسلط جنگ کے وقت خلیج فارس میں امریکا کے 30 سے 40 جنگی جہاز تھے جبکہ ماضی میں ہوئی ایران عراق جنگ کے وقت امریکا سو سے زائد جنگی جہاز خلیج فارس میں لایا تھا تاہم اس وقت خلیج فارس میں امریکا کا ایک بھی جہاز نہیں ہے۔ جنرل محبی نے کہا کہ جنگ میں ایران کے ردعمل سے دشمن کو نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ پاسداران انقلاب کے ترجمان نے مزید کہا کہ امریکا نے ایران کی ساؤتھ پارس گیس فیلڈ اور اسالویہ انرجی ہب پر بمباری کی تھی جس کا جواب امریکا، اسرائیل اور اسکے اتحادیوں پر ایسے حملوں سے دیا گیا تھا کہ امریکا کے لیے یہ جنگ اسی قوت سے جاری رکھنا مشکل ہوگیا تھا۔ ترجمان نے دھمکی دی کہ اگر ایران کو پھر خطرات کا سامنا ہوا تو خطے میں تمام امریکی اور غیرامریکی توانائی سسٹمز اور انٹرنیٹ سے جڑا عالمی انفراسٹرکچر تباہ کردیا جائے گا۔

بقیہ 29

محض 3 ممالک تک محدود نہیں ہے۔ صحافیوں کو ہفتہ وار پریس بریفنگ دیتے ہوئے ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ 7 اگست کو ہونے والا مکہ سہ ملکی اجلاس اہمیت کا حامل رہا، پاکستان نے مکہ معاہدے کے لیے اہم ترین کردار ادا کیا، مکہ معاہدہ تینوں ممالک کے برادرانہ تعلقات میں اہم پیشرفت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مکہ معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے، معاہدہ علاقائی امن واستحکام کے لیے تینوں ممالک کے عزم کا عکاس ہے، مکہ معاہدے پر خطے اور اس سے باہر اجتماعی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے کوششیں جاری رکھی جائیں گی، مکہ معاہدہ امن وسلامتی کے حوالے سے محض 3 ممالک تک محدود نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے جس کا مقصد امن وسلامتی ہے، مکہ معاہدہ بڑا واضح ہے کہ ایک ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان خطے میں امن کے حوالے سے پرامید ہے اور مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے حل کے لیے پرخلوص کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے، کشیدگی اور تناؤ میں اضافے کے بعد فریقین نے بات چیت بھی کی ہے۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ اسلام آباد ایم او یو کے حوالے سے پاکستان کی پوزیشن واضح ہے، ہم پاکستان سے متعلق مثبت بیان پر ایرانی صدر کے مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم امریکا سعودی عرب سول جوہری ڈیل کو دیکھ رہے ہیں، سعودی عرب کے سول جوہری توانائی کے حق کا احترام اور حمایت کرتے ہیں، اس حوالے سے تفصیلی بیان ڈیل کی مکمل تفصیل سامنے آنے کے بعد جاری کریں گے۔

بقیہ 30

جنگ بندی میں اہم ترین کردار کی بدولت پاکستان بطور عالمی قوت دنیا کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ عالمی جریدہ ساؤتھ ایشین وائسز کے مطابق امریکا ایران جنگ بندی کیلئے اسلام آباد معاہدہ کرانے والے پاکستان اور قطر کشیدگی کو روکنے کیلئے بھرپور کوشش کر رہے ہیں، پاکستان ہی اپنی سفارتی صلاحیت کی بدولت ایران اور امریکا کو دوبارہ قریب لانے میں مدد کرسکتا ہے۔ ساؤتھ ایشین وائسز نے کہا کہ امریکا سے فوجی وسٹریٹجک شراکت داری اور ایران سے تاریخی روابط کی بدولت پاکستان کو منفرد سفارتی مقام حاصل ہے، پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر آغاز سے ہی ایران اور امریکہ جنگ بندی میں ثالثی کی قیادت کر رہے ہیں۔ عالمی جریدہ کے مطابق پاکستان اور قطر جولائی میں ایران اور امریکا کو جنگ بندی اور آبنائے ہرمز کو کھولنے کیلئے مشترکہ تجارتی پیشکش کرچکے ہیں، ایران کو معاشی دباؤ اور پابندیوں کا سامنا ہے، جبکہ امریکا بھی طویل جنگی اخراجات اور محدود فوجی وسائل کے شدید دباؤ میں ہے۔ ساؤتھ ایشین وائسز کے مطابق امریکا، ایران، سعودی عرب اور چین کیساتھ بیک وقت بہترین تعلقات نے پاکستان کو قابل اعتماد ثالث بنایا، حالیہ سعودی عرب، پاکستان اور ترکی کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدہ نے بھی خطہ میں پاکستان کے سٹریٹجک کردار کو مزید ابھار دیا، پاکستان ماضی میں بھی امریکا اور چین میں سفارتی روابط اور ایران عراق جنگ میں اہم سفارتی کردار ادا کر چکا ہے۔ امریکہ ایران جنگ سمیت تاریخ کے اہم تنازعات میں بطور ثالث پاکستان کے کردار کی تعریف نے ملک کے وقار کو مزید بلند کردیا

بقیہ 31

میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو کے اسلام آباد اور وزیراعظم شہباز شریف کے منسک کے دوروں کا تذکرہ بھی کیا۔ فریقین نے دوطرفہ تعلقات میں مثبت رفتار کو مزید آگے بڑھانے اور اعلیٰ سطح پر رابطوں کا سلسلہ جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں تجارت، صنعت، زراعت اور باہمی رابطوں سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا، ادارہ جاتی تعاون کے طریقہ کار کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 32

میں کہی نواب اسلم خان رئیسانی کا کہنا تھا کہ بلوچستان کی وحدت اور جغرافیائی سالمیت بلوچ قوم کے لیے محض ایک سیاسی مسئلہ نہیں بلکہ بلوچوں کی قومی شناخت، تاریخی وجود اور اجتماعی تشخص کا بنیادی حصہ ہے۔ ان کے مطابق بلوچستان کی سرزمین بلوچ قوم کے تاریخی، ثقافتی اور قومی تشخص سے گہرا تعلق رکھتی ہے، اس لیے اس کی وحدت کو برقرار رکھنا ایک بنیادی قومی تقاضا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایکس پر جاری بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ بلوچ قوم کی تاریخ صدیوں پر محیط ہے اور بلوچستان کی سرزمین بلوچوں کی اجتماعی شناخت کا مرکز رہی ہے۔ ان کے بقول کسی بھی انتظامی یا جغرافیائی تبدیلی کو بلوچ قوم کے تاریخی اور قومی احساسات کو مدنظر رکھتے ہوئے دیکھا جانا چاہیے، کیونکہ بلوچستان کی وحدت کا معاملہ بلوچ عوام کے لیے انتہائی حساس اور اہمیت کا حامل ہے نواب اسلم رئیسانی نے اپنے بیان میں اس امر پر زور دیا کہ بلوچستان کو تقسیم کرنے کی کسی بھی کوشش کو بلوچ قوم کی جانب سے قبول نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کی وحدت اور جغرافیائی سالمیت کے تحفظ کے لیے بلوچ قوم کا مؤقف واضح اور اصولی ہے اور اسے محض سیاسی مفاد یا وقتی حالات کے تناظر میں نہیں دیکھا جاسکتا نواب اسلم رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان کی وحدت بلوچ قوم کے لیے صرف ایک انتظامی یا سیاسی تصور نہیں بلکہ اس کا تعلق بلوچ قوم کی قومی شناخت اور اجتماعی وجود سے ہے۔ ان کے مطابق ایک قوم، ایک وطن اور مشترکہ تاریخی شناخت کا تصور بلوچ قوم کے سیاسی وقومی احساسات میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی جغرافیائی سالمیت برقرار رہنا ضروری ہے کیونکہ کسی بھی خطے کی شناخت صرف اس کی موجودہ انتظامی حدود سے متعین نہیں ہوتی بلکہ اس کے پیچھے تاریخ، ثقافت، زبان، روایات اور لوگوں کے اجتماعی جذبات بھی شامل ہوتے ہیں۔ بلوچستان کے معاملے میں یہ تمام عناصر بلوچ قوم کے تاریخی شعور سے منسلک ہیں ان کا کہنا تھا کہ بلوچ عوام بلوچستان کو اپنی تاریخی سرزمین اور وطن سمجھتے ہیں، اس لیے بلوچستان کے حوالے سے ہونے والے ہر فیصلے میں وہاں کے عوام کے جذبات، تاریخی پس منظر اور قومی مفادات کو بنیادی اہمیت دی جانی چاہیے نواب اسلم خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان کے مختلف علاقوں اور خطوں کی اپنی تاریخی اہمیت ضرور ہے، تاہم بلوچ قوم کے لیے پورا بلوچستان ایک مشترکہ تاریخی اور قومی وطن کی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جغرافیائی تقسیم سے پیدا ہونے والے مسائل صرف سیاسی سطح تک محدود نہیں رہتے بلکہ ان کے اثرات معاشرتی، ثقافتی اور قومی سطح پر بھی مرتب ہوتے ہیں اپنے بیان کے اختتام پر نواب اسلم خان رئیسانی نے واضح الفاظ میں اپنا نعرہ پیش کرتے ہوئے کہا: "ایک بلوچ قوم، ایک بلوچ وطن"۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچ قوم کی قومی شناخت اور اس کے وطن کا تصور ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جاسکتا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی وحدت اور جغرافیائی سالمیت بلوچ قوم کے اجتماعی مستقبل سے جڑی ہوئی ہے اور اس معاملے پر بلوچ قوم کا مؤقف واضح ہے۔ ان کے مطابق بلوچستان کے بارے میں کسی بھی ایسے اقدام کو جو اس کی وحدت یا جغرافیائی سالمیت کو متاثر کرے، بلوچ قوم کے قومی جذبات کے تناظر میں دیکھا جائے گا۔

بقیہ 33

کا ایرانی دعویٰ سامنے آیا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے نے ایک باخبر فوجی ذریعے کے حوالے سے دعویٰ کیا کہ یہ واقعہ طویل عرصے سے جاری تعیناتی کے باعث جہاز کے عملے میں بڑھتی ہوئی بے چینی کے بعد پیش آیا۔ رپورٹ کے مطابق جہاز کے عملے کے اہلکاروں کے اہل خانہ بھی طویل تعیناتی کے خلاف احتجاج کررہے تھے۔ ان شکایات کے بعد امریکی سینٹرل کمانڈ کے سربراہ بریڈ کوپر کے ایک مشیر کو صورتحال کا جائزہ لینے اور عملے سے بات چیت کے لیے طیارہ بردار جہاز پر بھیجا گیا۔ مشیر نے جب اہلکاروں کے ایک اجتماع سے خطاب شروع کیا تو وہاں موجود بعض افراد نے شدید احتجاج کیا۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ مشیر کے خطاب کے دوران ان کے خلاف نعرے بازی کی گئی اور ان کی جانب پانی کی بوتلیں بھی پھینکی گئیں۔ ذرائع کے مطابق صورتحال اس وقت مزید کشیدہ ہوگئی جب عملے کے بعض ارکان کے درمیان جھگڑا شروع ہوگیا۔ دعویٰ کیا گیا ہے کہ جھگڑے کے دوران چاقو اور دیگر دھار دار اشیا استعمال کی گئیں، جس کے نتیجے میں 7 اہلکار ہلاک جبکہ کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ واقعے کے بعد جہاز پر سیکورٹی مزید سخت کردی گئی اور صورتحال پر قابو پانے کی کوشش کی گئی۔ تاہم فراہم کردہ معلومات میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ واقعے میں ہلاک اور زخمی ہونے والے اہلکاروں کی شناخت کیا ہے۔ دوسری جانب اس واقعے کے حوالے سے امریکی محکمہ دفاع یا امریکی بحریہ کی جانب سے فراہم کردہ متن میں کوئی باضابطہ تصدیق شامل نہیں ہے، اس لیے ہلاکتوں اور واقعے کی مکمل تفصیلات کی آزادانہ تصدیق تاحال نہیں ہوسکی۔

بقیہ 34

ٹیکس ریٹ کارڈ جاری کردیا۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری ودہولڈنگ انکم ٹیکس ریٹ کارڈ کو 30 جون 2026ء تک فنانس ایکٹ 2026ء کے مطابق اپ ڈیٹ کیا گیا ہے۔ ریٹ کارڈ میں مختلف شعبوں، ادائیگیوں اور لین دین پر عائد ودہولڈنگ ٹیکس کی شرحیں درج کی گئی ہیں جن میں درآمدات، تنخواہ، منافع، غیر مقیم افراد کو ادائیگی، اشیا، خدمات اور معاہدوں کی ادائیگی، برآمدات، کرایہ، انعامات، پیٹرولیم مصنوعات، نقد رقم نکلوانے، موٹر گاڑیوں، بجلی، ٹیلی فون وانٹرنیٹ، غیر منقولہ جائیداد کی خرید وفروخت اور دیگر معاملات شامل ہیں۔ ریٹ کارڈ کے مطابق قابل ٹیکس آمدن 6 لاکھ روپے تک ہونے کی صورت میں تنخواہ پر ٹیکس کی شرح صفر ہے، جبکہ 6 لاکھ روپے سے زیادہ اور 12 لاکھ روپے تک آمدن پر 6 لاکھ روپے سے زائد رقم پر ایک فیصد ٹیکس عائد ہوگا، اسی طرح 12 لاکھ سے 22 لاکھ روپے تک آمدن پر 6 ہزار روپے کے علاوہ 12 لاکھ روپے سے زائد رقم پر 11 فیصد، 22 لاکھ سے 32 لاکھ روپے تک 1 لاکھ 16 ہزار روپے کے علاوہ 22 لاکھ روپے سے زائد رقم پر 20 فیصد، 32 لاکھ سے 41 لاکھ روپے تک 3 لاکھ 16 ہزار روپے کے علاوہ 32 لاکھ روپے سے زائد رقم پر 25 فیصد، 41 لاکھ سے 56 لاکھ روپے تک 5 لاکھ 41 ہزار روپے کے علاوہ 41 لاکھ روپے سے زائد رقم پر 29 فیصد ٹیکس عائد ہوگا۔ ریٹ کارڈ کے مطابق 56 لاکھ سے 70 لاکھ روپے تک 9 لاکھ 76 ہزار روپے کے علاوہ 56 لاکھ روپے سے زائد رقم پر 32 فیصد جبکہ 70 لاکھ روپے سے زائد آمدن پر 14 لاکھ 24 ہزار روپے کے علاوہ 70 لاکھ روپے سے زائد رقم پر 35 فیصد ٹیکس مقرر کیا گیا ہے۔ ریٹ کارڈ میں درآمدی اشیا کے لیے بھی مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ پارٹ ون، ٹو اور تھری، ٹوکٹو تھ شیڈول میں شامل اشیا کے لیے اے ٹی ایل اور نان اے ٹی ایل افراد کے لیے بالترتیب مختلف شرحیں رکھی گئی ہیں، جبکہ کمرشل امپورٹرز، فارما مصنوعات، الیکٹرک وہیکلز کی سی کے ڈی کٹس اور موبائل فونز کیلئے بھی الگ شرحیں درج ہیں۔ دستاویز کے مطابق بینک یا مالیاتی ادارے کے اکاؤنٹ یا ڈپازٹ پر ادا کیے جانے والے منافع پر اے ٹی ایل افراد کیلئے 20 فیصد اور نان اے ٹی ایل افراد کیلئے 40 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس مقرر ہے، جبکہ بعض دیگر صورتوں میں منافع پر شرح 15 فیصد اور 30 فیصد ہے۔ سکوک پر منافع کی مختلف صورتوں کیلئے بھی الگ الگ شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ غیر مقیم افراد کو ادائیگیوں کے حوالے سے مختلف ذیلی شقوں کے تحت 5 فیصد سے 20 فیصد تک شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ آئی ٹی اور آئی ٹی سے متعلق خدمات کی فراہمی پر اے ٹی ایل افراد کے لیے 4 فیصد اور نان اے ٹی ایل افراد کیلئے 8 فیصد شرح مقرر ہے جبکہ دیگر خدمات کے لیے الگ شرحیں لاگو ہوں گی۔ اشیا، خدمات اور معاہدوں کی ادائیگی پر بھی مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ چاول، کپاس کے بیج یا خوردنی تیل کی فروخت پر اے ٹی ایل کے لیے 1.50 فیصد اور نان اے ٹی ایل کے لیے 3 فیصد، بعض کمپنیوں کے ٹول مینوفیکچرنگ معاملات میں 9 اور 18 فیصد جبکہ دیگر کمپنیوں کے لیے 5 اور 10 فیصد کی شرحیں درج ہیں۔ آئی ٹی اور آئی ٹی سے متعلق خدمات پر 4 اور 8 فیصد جبکہ بعض آزاد پیشہ ورانہ خدمات پر مجموعی قابل ادائیگی رقم کا 15 اور 30 فیصد ٹیکس مقرر کیا گیا ہے۔ ریٹ کارڈ میں ای کامرس پلیٹ فارمز کے ذریعے ڈیجیٹل طور پر آرڈر کی جانے والی اشیا یا خدمات کی ادائیگی پر ڈیجیٹل یا بینکنگ ذرائع سے ادائیگی کی صورت میں اے ٹی ایل کیلئے ایک فیصد اور نان اے ٹی ایل کیلئے 2 فیصد، جبکہ کیش آن ڈلیوری کی صورت میں بالترتیب 2 اور 4 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس مقرر کیا گیا ہے۔ برآمدات پر 1.25 فیصد جبکہ پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ میں رجسٹرڈ افراد کی کمپیوٹر سافٹ ویئر، آئی ٹی یا آئی ٹی سے متعلق خدمات کی برآمدی آمدن پر 0.25 فیصد شرح درج ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز سے ڈیجیٹل مواد تخلیق کرنے والوں اور سوشل میڈیا انفلوئنسرز کو حاصل ہونے والی آمدن پر اے ٹی ایل افراد کیلئے 5 فیصد اور نان اے ٹی ایل افراد کیلئے 10 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس مقرر کیا گیا ہے۔ غیر منقولہ جائیداد کے کرائے، انعامات وجیت، پیٹرولیم مصنوعات اور نقد رقم نکلوانے سمیت دیگر معاملات کیلئے بھی ریٹ کارڈ میں متعلقہ شرحیں درج کی گئی ہیں۔ موٹر گاڑیوں کے حوالے سے انجن کی گنجائش کے مطابق مختلف شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ 850 سی سی تک گاڑیوں پر اے ٹی ایل کیلئے 0.50 فیصد اور نان اے ٹی ایل کیلئے 1.50 فیصد، جبکہ 3000 سی سی سے زائد گاڑیوں پر بالترتیب 12 اور 36 فیصد شرح مقرر ہے۔ مختلف انجن گنجائش کی گاڑیوں کے لیے مقررہ رقم کی شرحیں بھی ریٹ کارڈ میں درج کی گئی ہیں۔ بجلی کے تجارتی اور صنعتی صارفین کیلئے 500 روپے تک کے بل پر ٹیکس صفر ہے، 500 سے 20 ہزار روپے تک کے بل پر 10 فیصد جبکہ 20 ہزار روپے سے زائد بل پر کمرشل صارفین کیلئے 1,950 روپے کے علاوہ 20 ہزار روپے سے زائد رقم پر 12 فیصد اور صنعتی صارفین کیلئے 1,950 روپے کے علاوہ 20 ہزار روپے سے زائد رقم پر 5 فیصد شرح مقرر کی گئی ہے۔ نان اے ٹی ایل گھریلو صارفین کے 25 ہزار روپے سے کم ماہانہ بل پر ٹیکس صفر جبکہ 25 ہزار روپے یا اس سے زائد بل پر 7.50 فیصد شرح مقرر ہے۔ ٹیلی فون اور انٹرنیٹ صارفین کے لیے بھی ودہولڈنگ ٹیکس کی شرحیں مقرر کی گئی ہیں، جن میں ٹیلی فون کے ایک ہزار روپے سے زائد ماہانہ بل کی زائد رقم پر 10 فیصد جبکہ انٹرنیٹ، موبائل ٹیلی فون اور پری پیڈ انٹرنیٹ یا ٹیلی فون کارڈ کی صورت میں بل یا فروخت کی قیمت پر 15 فیصد شرح شامل ہے۔ غیر منقولہ جائیداد کی منتقلی پر اے ٹی ایل کیلئے 2.75 فیصد اور نان اے ٹی ایل کیلئے 11.50 فیصد شرح درج ہے۔ ریٹ کارڈ میں ڈسٹری بیوٹرز، ڈیلرز اور ہول سیلرز کو فروخت، ریٹیلرز کو فروخت، غیر منقولہ جائیداد کی خریداری، بیرون ملک رقم بھیجنے اور کمپنیوں کی جانب سے بونس شیئرز کے اجرا سمیت دیگر معاملات کے لیے بھی ودہولڈنگ ٹیکس کی شرحیں مقرر کی گئی ہیں۔ دستاویز میں واضح کیا گیا ہے کہ یہ ریٹ کارڈ ٹیکس دہندگان، ودہولڈنگ ایجنٹس اور دیگر متعلقہ افراد کی سہولت کے لیے تیار کیا گیا ہے، تاہم کسی تضاد یا غلطی کی صورت میں ترمیم شدہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 اصل قانون تصور ہوگا

بقیہ 35

والوں پر 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کرنے کی تجویز سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف 14 اگست کو تاجروں کے لیے آسان ٹیکس سکیم اور رواں مالی سال کے انکم ٹیکس گوشوارے کا نیا فارم متعارف کرائیں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سکیم کے تحت 30 ستمبر تک بروقت انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والے تاجروں کو خصوصی سہولت دینے کی تجویز ہے، بروقت گوشوارہ جمع کرانے والے تاجر کو آسان ٹیکس سکیم کی رجسٹریشن فیس سے چھوٹ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق 30 ستمبر کے بعد گوشوارہ جمع کرانے والے تاجروں کے لیے 25 ہزار روپے رجسٹریشن فیس اور 25 ہزار روپے جرمانہ عائد کرنے کی تجویز ہے، جبکہ بروقت گوشوارے جمع کرانے والے تاجروں کو 25 ہزار روپے کی رجسٹریشن پلیٹ بھی فراہم کی جائے گی۔ مجوزہ سکیم کے تحت کاروباری افراد اور انفرادی ٹیکس دہندگان کے لیے الگ الگ انکم ٹیکس گوشوارہ فارم متعارف کرانے کی بھی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق رواں مالی سال کے انکم ٹیکس گوشوارے کے لیے نیا فارم 14 اگست کو لانچ کیا جائے گا، جس کا مقصد تاجروں کے لیے ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کے عمل کو آسان بنانا ہے۔ واضح رہے کہ مذکورہ جرمانے اور مراعات سے متعلق تفصیلات کو ذرائع کی تجاویز کے طور پر بیان کیا گیا ہے، حتمی قواعد کا اطلاق متعلقہ حکومتی نوٹیفکیشن کے بعد ہوگا۔

بقیہ 36

کا فیصلہ کرلیا ہے، جس کے بعد سرکاری ادارے کو ختم کرنے کے سابقہ فیصلے پر نظرثانی کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ ذرائع کے مطابق متعدد بین الاقوامی فریقوں کی جانب سے بند پڑے اسٹیل پلانٹ کی بحالی میں دلچسپی ظاہر کیے جانے کے بعد حکومت نے پاکستان اسٹیل ملز کی بحالی، جدید کاری اور تنظیم نو کے امکانات کا ازسرنو جائزہ لینا شروع کردیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت صنعت و پیداوار کے تحت روسی کمپنی انڈسٹریل انجینئرنگ ایل ایل سی اور پاکستان اسٹیل ملز کے درمیان بحالی اور جدید کاری سے متعلق 2 پروٹوکول پر پہلے ہی دستخط ہوچکے ہیں۔ پہلا پروٹوکول 10 جولائی 2025 کو ماسکو میں طے پایا تھا، جس کے تحت پاکستان اسٹیل ملز کی بحالی، جدید کاری اور تنظیم نو کے لیے تعاون پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 37

کی۔ مسلم لیگ ن کے امیدوار میر چنگیز خان مری کی رکنیت بحال ہوگئی۔ عدالت نے فریقین کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے سماعت اگست کے آخری ہفتے تک ملتوی کر دی۔ الیکشن کمیشن نے 4 پولنگ اسٹیشنز پر 27 اگست کو ری پولنگ کا حکم دیا تھا، میر چنگیز خان مری نے الیکشن کمیشن حکم کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ 38

درخواست نیپرا میں جمع کرادی ہے۔ ذرائع کے مطابق سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ ریلیف کی مدت رواں ماہ ختم ہورہی ہے جو کہ ایک روپے 99 پیسے فی یونٹ ریلیف مل رہا ہے۔ جس کے بعد ملک بھر کے لیے اگلے ماہ سے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی مہنگی ہونیکا امکان ہے۔

بقیہ 39

تیار ہے کہ وہ اسلام آباد کے ساتھ سیاسی، اقتصادی، تجارتی، ثقافتی اور سیکورٹی فیلڈز میں تعلقات گہرے کرے۔ ڈاکٹر پزشکیان نے کہا کہ ایران سے تعلقات بڑھانے اور انہیں مضبوط کرنے سے متعلق وزیراعظم شہباز شریف اور دیگر پاکستانی حکام کی محبت اور دلچسپی ایران کیلئے انتہائی قابل قدر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران تمام شعبوں میں پاکستان سے تعلقات بڑھانے میں دلچسپی رکھتا ہے اور مشترکہ تعاون کی راہ ہموار کرنے کیلئے تیار ہے۔ ایرانی صدر نے کہا کہ دوطرفہ تعلقات بڑھانے اور تعاون گہرا کرنے سے باہمی مفادات یقینی ہوں گے اور علاقائی سیکورٹی واستحکام بھی مضبوط ہوگا۔ محسن نقوی نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے تعلقات مضبوط اور نہ ٹوٹنے والے ہیں، تہران سے تعلقات کو جامع انداز سے بڑھانے کیلئے اسلام آباد انتہائی سنجیدہ عزم کیساتھ اقدامات کررہا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی اس سے پہلے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور اپنے ہم منصب محسن مومنی سے بھی ملے تھے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ملاقاتوں میں خطے کی صورتِ حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سے پہلے وزیردفاع خواجہ آصف کا یہ بیان سامنے آیا تھا کہ امریکا اور ایران سمجھوتے کے قریب ہیں۔ امریکی میڈیا سے گفتگو میں خواجہ آصف نے کہا تھا کہ معاملات ایک بار پھر امن معاہدے یا سمجھوتے کی طرف جارہے ہیں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ گزشتہ دو تین روز سے ملنے والے اشارے بتارہے ہیں کہ فریقین کسی نہ کسی سمجھوتے کے قریب ہیں، پائیدار امن پورے خطے کے مفاد میں ہوگا۔

بقیہ 40

ظلم کی انتہا ہے بلوچستان نیشنل پارٹی اس واقعے کی شدید مذمت کرتی ہے واقعہ کے خلاف 16 اگست کو بلوچستان بھر میں احتجاج اور مظاہرے کیے جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں بی این پی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات آغا حسن بلوچ ایڈووکیٹ، مرکزی سیکریٹری فنانس اختر حسین لانگو، مرکزی لیبر سیکریٹری موسیٰ بلوچ، پروفیشنل سیکرٹری رمضان بلوچ، بی ایس او کے مرکزی سیکرٹری جنرل صمد بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین غلام نبی مری، چیئرمین واحد بلوچ، چیئرمین جاوید بلوچ، میر مقبول لہڑی، بکری شفقت لانگو، شائلہ اسماعیل سمیت دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ ساجد ترین ایڈووکیٹ نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی نے 'سوراب' اور لاپتہ افراد سمیت بلوچستان کے دیگر مسائل پر سپریم کورٹ کے ریٹائرڈ جج کی سربراہی میں فیکٹ فائنڈنگ کمیشن کے قیام کا مطالبہ کرتی ہیں۔ بلوچستان نیشنل پارٹی اس ظلم کی شدید مذمت کرتی ہے اور یہ بات واضح کرتی ہیں کہ ایسے اقدامات سے نفرت میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 26 ویں ترمیم کے بعد، موجودہ جج اب محض موجودہ حکومت کے ملازم بن کر رہ گئے ہیں 'فارم 47' کے وزیراعلیٰ کہتے ہیں کہ بلوچستان میں صورتحال مستحکم ہے، تو پھر بلوچستان کے ہر حصے میں کرفیو کیوں ہیں؟ آج کے حکمران ایک بار پھر بلوچستان کے مسئلے کو ایسی نہج پر لے جا رہے ہیں جہاں سے واپسی ممکن نہ ہوں۔ بی این پی نے ہمیشہ بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں جاری جبر کے خلاف آواز اٹھائی ہے۔ ہم بار بار کہہ رہے ہیں کہ بلوچستان کا مسئلہ صرف بات چیت کے ذریعے ہی حل کیا جاسکتا ہے، طاقت کے ذریعے نہیں۔ گزشتہ 75 سالوں سے بلوچوں اور پشتونوں کو صرف ان کے قدرتی وسائل کی وجہ سے لاشیں ہی مل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈھاڈر اور مستونگ میں بھی کچھ واقعات پیش آئے ہیں، ان کی بھی تحقیقات ہونی چاہئیں۔ ایسے اقدامات کے بعد لوگ پوچھتے ہیں کہ بلوچستان کی صورتحال کیوں بگڑتی جارہی ہے۔ 16 اگست کے احتجاج کے بعد، پارٹی ایک مرکزی اجلاس بلائے گی جس میں مستقبل کے احتجاج کے حوالے سے لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان نیشنل پارٹی، سردار اختر جان مینگل کی قیادت میں ہر قسم کے جبر اور غیر آئینی اقدامات کے خلاف اپنی سیاسی، جمہوری اور آئینی جدوجہد جاری رکھے گی۔ بلوچستان حکومت جو کچھ بھی کرتی ہے وہ صرف بلوچستان کے حالات کو خراب کرنے کے لیے کرتی ہے، اسلام آباد کی جانب سے بلوچستان کے ساتھ ہمیشہ ایک کالونی جیسا سلوک کیا گیا ہے بلوچستان کے عوام موت قبول کرنے کے لیے تیار ہیں لیکن اپنی سرزمین چھوڑنے کے لیے نہیں

بقیہ 41

روزہ تعطیلات سے متعلق سرکلر جاری کردیا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق ملک بھر میں بینک، مالیاتی ادارے، اسٹیٹ بینک اور اسٹاک ایکسچینج جمعہ 14 اگست کو یوم آزادی کے موقع پر عام تعطیل کے باعث بند رہیں گے، جبکہ ہفتہ 15 اور اتوار 16 اگست کو ہفتہ وار تعطیلات کے باعث بینکاری سرگرمیاں معطل رہیں گی۔ سرکلر کے مطابق 14، 15 اور 16 اگست کو بینکوں اور مالیاتی اداروں کے دفاتر بند رہیں گے، تاہم صارفین کو بنیادی بینکاری سہولیات کی فراہمی جاری رکھنے کے لیے اے ٹی ایمز اور آن لائن بینکاری خدمات معمول کے مطابق فعال رہیں گی۔ اسٹیٹ بینک نے واضح کیا ہے کہ صارفین تعطیلات کے دوران اے ٹی ایمز کے ذریعے نقد رقم کے حصول سمیت آن لائن بینکاری کی مختلف سہولیات سے استفادہ کرسکیں گے۔

بقیہ 42

یو آر ایل بلاک کردیئے۔ دستاویز کے مطابق غیر اخلاقی مواد سے متعلق 563 یو آر ایل زیر جائزہ اور 9 ہزار 528 مسترد کیے گئے، دہشت گردی سے متعلق 1 لاکھ 79 ہزار 285 یو آر ایل بلاکنگ کے لیے بھیجے، دہشت گردی سے متعلق ایک لاکھ 41 ہزار 897 یو آر ایل بلاک کیے گئے۔ دستاویز میں کہا گیا کہ 23 ہزار 241 یو آر ایل زیر جائزہ ہیں، اسلام کی عظمت کے خلاف مواد کی کیٹیگری میں ایک لاکھ 36 ہزار 891 یو آر ایل پراسیس کیے گئے، پاکستان کی سلامتی اور دفاع کے خلاف مواد کی کیٹیگری میں 1 لاکھ 25 ہزار 427 یو آر ایل پراسیس کیے۔ پی ٹی اے نے کہا کہ پاکستان کی سلامتی اور دفاع کے خلاف مواد کے 74 ہزار 59 یو آر ایل بلاک کیے گئے، فرقہ وارانہ اور نفرت انگیز تقریر کی کیٹیگری میں 76 ہزار 526 یو آر ایل پراسیس کیے گئے، پراکسی کیٹیگری میں 10 ہزار 319 یو آر ایل میں سے 10 ہزار 318 یو آر ایل بلاک کیے۔ دستاویز کے مطابق بدنامی، نقالی کی کیٹیگری میں 44 ہزار 200 یو آر ایل پراسیس اور 17 ہزار 356 بلاک کیے، مجموعی طور پر مختلف کیٹیگریز میں 15 لاکھ 42 ہزار 800 یو آر ایل بلاک کیے گئے، 76 ہزار 874 یو آر ایل زیر جائزہ اور 1 لاکھ 6 ہزار 629 یو آر ایل مسترد کیے گئے۔



گوادر: رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ اور ڈپٹی کمشنر نقیب اللہ کاکڑ کا اسکل ایجوکیشن ہیلتھ کیئر پروگرام کی کامیاب طالبات کے ہمراہ گروپ فوٹو

# پاکستان کو اتحاد، یکجہتی اور اجتماعی عزم کی ضرورت ہے، میر علی حسن زہری

ہمیں آزادی کی نعمت کی قدر کرتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا حصہ ڈالنا ہوگا

**میر علی حسن زہری کی جانب سے یوم آزادی پاکستان بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ منانے کا اعلان**

حب (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و سینئر صوبائی نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری نے قوم کو یوم آزادی کی مبارکباد دیتے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

## عوام کو بلاتفریق اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی ہماری پہلی ترجیح ہے، ڈاکٹر وقاص

**ڈیوٹی سے غفلت، غیر حاضری یا مریضوں کے ساتھ نامناسب رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا**

شاہرگ (خ ن) عوام کو صحت کی بہترین اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے انچارج رورل ہیلتھ سینٹر (آر ایچ سی) شاہرگ ڈاکٹر وقاص کا کڑ نے ہسپتال کا تفصیلی اور سرپرائز دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا، (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

## چاغی، نامعلوم مسلح افراد کی گیس سے بھرے 3 باؤزر پر فائرنگ

چاغی (این این آئی) ضلع چاغی میں نامعلوم مسلح افراد نے ایل این جی سے بھرے تین باؤزرز کے ٹائروں پر فائرنگ کردی۔ پولیس کے مطابق واقعہ تھانہ یک مچ کی حدود میں دالبندین سے تقریباً 70 کلومیٹر دور کلی محمد اعظم شہی کے قریب پیش آیا

## بلوچستان، ژوب اور چمن میں 4.8 شدت کا زلزلہ، شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا

چمن (این این آئی) بلوچستان کے اضلاع ژوب اور چمن میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے ہیں۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 4.8 اور گہرائی 15 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی، مرکز ژوب سے 122 کلومیٹر شمال مشرق میں تھا۔ زلزلے کے باعث شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا

## مستقبل میں بھی کھیلوں کے مقابلوں اور سرگرمیوں کا انعقاد جاری رکھا جائے گا، رحیم بخش جویہ

فیسٹیول کا مقصد نوجوانوں کے کھیلوں کے میدان میں موجود ٹیلنٹ کو سامنے لانا ہے

سبی (اللہ داد رند) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی اور صوبائی وزیر کھیل مینا مجید کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ اور محکمہ کھیل کے زیر اہتمام سبی میں جشن آزادی اسپورٹس فیسٹیول بھرپور جوش و جذبے کے ساتھ جاری ہے، جس میں نوجوان کھلاڑی کرکٹ، (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

# وزیراعلیٰ کی گوادر میں جشنِ آزادی کی پروقار تقریب میں شرکت

**پاکستان کی آزادی ہمارے لیے عظیم نعمت اور قومی ذمہ داری ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے گوادر میں کوہ باتیل پر واقع پاکستان پوائنٹ پر جشنِ آزادی کی پروقار تقریب میں شرکت کی، جہاں قومی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

## گوادر پاکستان کا معاشی مستقبل کا اہم ابھرتا ہوا مرکز ہے، معین الرحمٰن

شہریوں، سرمایہ کاروں، غیر ملکی ماہرین، کاروباری شخصیات اور سیاحوں کے لیے محفوظ ماحول کی فراہمی ناگزیر ہے

گوادر (خ ن) گوادر کو جدید، محفوظ اور اسمارٹ پورٹ سٹی میں تبدیل کرنے کے وژن کے تحت گوادر سیف سٹی منصوبے پر تیزی سے عملی پیش رفت جاری ہے۔ اس سلسلے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

تربت: جشن آزادی کے حوالے سے صوبائی وزیر ظہور احمد بلیدی اور پارلیمانی سیکرٹری حاجی برکت رند کی سربراہی میں تربت شہر میں ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

## معاشی طور پر مستحکم ملک کی ترقی کی راہیں تیزی سے طے کر سکتا ہے، شیخ امتیاز حسین

**14 اگست کا دن تجدید عہد کا دن ہے جو ہمیں آزادی کا مطلب سکھاتا ہے**

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ایگریکلچر اینڈ ہارٹیکلچر فورم کے صدر شیخ امتیاز حسین نے پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر پوری قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست کا دن تجدید عہد کا دن ہے جو ہمیں آزادی کا مطلب سکھاتا ہے پاکستان (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

## منصوبوں میں معیار، پائیداری اور شفافیت کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، وریندر لعل

تعمیراتی کام میں استعمال ہونے والے میٹریل اور دیگر امور کے معیار پر خصوصی توجہ دی جائے

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ اور سی ای او قائم لاشاری سے آل پاکستان ڈرائی فروٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی فوجان ملاقات کر رہے ہیں

# تعلیمی اداروں میں عملی مہارتوں کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، ہدایت الرحمٰن بلوچ

حکومت، محکمہ تعلیم، یونیسف اور یورپی یونین کی مشترکہ کاوشیں بلوچستان کے تعلیمی نظام میں مثبت اور دیرپا تبدیلی کی بنیاد رکھ رہی ہیں

**ووکیشنل و اسکل ٹریننگ سینٹر کی کامیاب تربیت کے نتیجے میں میٹرک پاس طالبات کے لیے روزگار کے عملی مواقع پیدا ہوئے ہیں**

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ طبی، فنی اور عملی مہارتوں کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ تعلیم گوادر، ایجوکیشن سپورٹ پروگرام (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

## وزیراعلیٰ نے انگریزی مضمون نویسی میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے والی طالبہ کو ایوارڈ دے دیا

گوادر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے پاک چائنہ گرلز ہائی اسکول فقیر کالونی گوادر کی ہونہار طالبہ آمنہ داد کریم کو صوبائی سطح پر انگریزی مضمون نویسی کے مقابلے میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے پر ایوارڈ پیش (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

## عوام کو صحت کی سہولیات کی فراہمی میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، خالد خان

**ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ معیار کے مطابق بروقت مکمل کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے**

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان کی زیر صدارت محکمہ صحت سے متعلق ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، مختلف طبی مراکز میں جاری ترقیاتی منصوبوں، دستیاب وسائل اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

## قلات، نامعلوم شخص کی لاش برآمد

قلات (یو این اے) قلات کے علاقے ریج کے حدود سے ایک نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، جسے شناخت اور ضروری کارروائی کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال قلات منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق دوران تلاشی متوفی کی جیب سے ایک کارڈ ملا ہے، جس پر دلاور غنی اور پتہ داد پلازہ، بلاک Q، اسپنی روڈ، کوئٹہ درج ہے

## میر رافع خان جکھرانی سے احمد رند کی اہم ملاقات

آلودگی کے خاتمے اور آنے والی نسلوں کے محفوظ مستقبل کے لیے شہریوں کو شجرکاری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا: احمد رند

جیکب آباد (انیس جکھرانی) ماحول دوست رہنما احمد رند نے وفد کے ہمراہ رکن قومی اسمبلی میر اعجاز حسین جکھرانی کے "ایک شجر، ایک بشر" مہم کے سلسلے میں تنظیم کے اقدامات اور ماحولیاتی آلودگی کے سدباب کے لیے تاج ویلفیئر آرگنائزیشن کی جانب سے جاری (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

# دنیا تیزی سے آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے نئے دور میں داخل ہو رہی ہے، گورنر بلوچستان

آرٹیفیشل انٹیلی جنس تمام کلیدی شعبوں بشمول تعلیم، صحت کی دیکھ بھال، زراعت، صنعت، مالیات اور پبلک گورننس میں انقلاب برپا کر رہا ہے

**یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا عالمی سربراہی اجلاس موجودہ وقت کے دو متعین کردار نوجوانوں اور مصنوعی ذہانت پر مرکوز ہے، جعفر خان مندوخیل**

نیویارک (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یوتھ اینڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا عالمی سربراہی اجلاس موجودہ وقت کے دو متعین کردار نوجوانوں اور مصنوعی ذہانت پر مرکوز ہے۔ نوجوان پوری انسانیت کے مشترکہ مستقبل کی نمائندگی کر رہے ہیں جبکہ آرٹیفیشل انٹیلی جنس چوتھے صنعتی انقلاب کی عکاسی کرتی ہے۔ آج اس شاندار گلوبل سمٹ میں یہ اعلان کرتے ہوئے فخر محسوس کر رہا ہوں کہ بلوچستان نے ایک نیا معیار قائم کیا ہے۔ پہلی مرتبہ ہم نے یونیورسٹی آف بلوچستان میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس کا بی ایس پروگرام شروع کیا ہے اور ہم نے اسی (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان سروس رولز کے مین کمیٹی (SRMC) کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

# عوامی مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی ترجیحات میں شامل ہیں، میر ظہور بلیدی

حلقے کی پائیدار تعمیر و ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

**بنیادی سہولیات کی فراہمی، ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مؤثر اقدامات کا سلسلہ جاری ہے**

تربت (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے اپنی رہائش گاہ پر حلقے کے عمائدین، معززین اور مختلف وفود سے ملاقات کی، جس میں حلقے کے عوامی مسائل، ترقیاتی امور اور بنیادی سہولیات سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

## چھتر میں نامعلوم افراد نے ہائی ٹرانسمیشن لائن کے ٹاور کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) نصیرآباد کے علاقے چھتر میں اوچ سے پنجاب اور سندھ کو بجلی کی جانے والی ہائی ٹرانسمیشن سسٹم بجلی کے 220 کے وی ٹاور کو نامعلوم دہشت گردوں نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے متعدد علاقوں کو بجلی کی فراہمی تعطل کا شکار واقعے کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ گئے علاقے میں سرچ اپریشن شروع پولیس کے مطابق نصیرآباد پولیس تھانہ چھتر کی حدود پٹ فیڈر بیرون شرواہ کے مقام پر ڈیرہ مراد جمالی اوچ پاور پلانٹ سے سندھ اور پنجاب کو جانے والی بجلی کی ہائی ٹرانسمیشن سسٹم بجلی کے 220 کے وی ٹاور کو بدھ کے روز نامعلوم دہشت گردوں نے دھماکے خیز مواد سے اڑا دیا گیا

## وندر سٹی میں خطیر رقم سے 2 لاکھ گیلن واٹر ٹینک منصوبہ ٹھیکدار کی مبینہ سست روی کا شکار

**ریتی، بجری اور دیگر تعمیراتی ملبہ سڑکوں پر پھیلا دیے جانے سے آمد و رفت شدید متاثر**

سونمیانی وندر (زبیر بلوچ) وندر سٹی میں خطیر رقم سے 2 لاکھ گیلن واٹر ٹینک منصوبہ ٹھیکدار کی مبینہ سست روی کا شکار عوامی سہولت کے بجائے شہریوں کے لیے وبال جان بن گیا۔ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

## حب، جمعہ خان خاصخیلی گوٹھ میں گھریلو رنجش پر سگے بھائی نے فائرنگ کر کے بھائی کو قتل کر دیا

حب (یو این اے) سگے بھائی نے سگے بھائی کی جان لے لی جمعہ خان خاصخیلی گوٹھ میں گھریلو رنجش پر سگے بھائی نے اپنے بھائی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا، مقتول کی لاش سول اسپتال حب منتقل کر دی گئی۔ پولیس کے مطابق صبح تقریباً 8 بج کر 5 منٹ پر اطلاع ملی کہ ایک شخص کو گولیاں لگنے کے بعد سول اسپتال حب لایا گیا ہے۔ اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او اور ڈیوٹی افسر سول اسپتال پہنچے، جہاں ایک شخص کی لاش موجود تھی، جس کے سینے اور پیٹ پر گولیوں کے نشانات پائے گئے۔

## 14 اگست پاکستانی قوم کے لیے ایک تاریخی اور اہم دن ہے، ممتاز علی بلوچ

میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں جشنِ آزادی کی مناسبت سے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا

سبی (اللہ داد رند) جشنِ آزادی کی خوشیاں منانا ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے، پاکستان ہماری پہچان اور ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے۔ میر چاکر خان رند یونیورسٹی سبی میں یوم آزادی کی تقریبات کو بھرپور جوش و جذبے، ملی یکجہتی اور نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا ممتاز علی بلوچ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

## گورنمنٹ پرائمری سکول مدرسہ بحر العلوم چمن میں آزادی تقریب آج ہوگا

چمن (نامہ نگار) گورنمنٹ بوائز پرائمری سکول مدرسہ بحر العلوم جامع مسجد نور محلہ مولوی فتح محمد چمنی مرحوم گھوڑا اسپتال روڈ چمن میں یوم آزادی پاکستان کی مناسبت سے ایک عظیم الشان اور فقید المثال تقریب منعقد ہوگی جس میں ... افسران، ... سکول

## عوام کی سہولت، نظم و ضبط اور سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے، الیاس کبزئی

**جشنِ آزادی کو ضلع بھر میں قومی جوش و جذبے اور شایان شان انداز میں منایا جائے گا**

# نوجوان مضبوط ہوں گے تو پاکستان مضبوط ہوگا، ثمینہ ممتاز زہری

**پاکستان کی نوجوان نسل ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ، سب سے بڑی امید اور روشن مستقبل کی ضامن ہے**

اسلام آباد (پ ر) سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے عالمی یوم نوجوانان 2026ء کے موقع پر اپنے نوجوانوں کے ایک وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پاکستان کی نوجوان نسل ملک کا سب سے قیمتی سرمایہ، سب سے بڑی امید اور روشن مستقبل کی ضامن ہے۔ نوجوانوں کو بااختیار بنائے بغیر ترقی یافتہ، (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

## عمران خان کی صحت سے متعلق حقائق سامنے لائے جائیں۔ سید صادق آغا

**عمران خان کی صحت کے بارے میں اطلاعات انتہائی تشویشناک ہیں**

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے قائد عمران خان کی صحت سے متعلق سامنے آنے والی تشویشناک خبروں پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی و قائد تحریک انصاف عمران خان کی صحت کے حوالے سے پیدا ہونے والی (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

## زمینداروں کا زیرینہ ناڑی کی زمینوں کو پانی فراہم کرنے کا مطالبہ

**اپنے جائز اور بنیادی حق کے حصول کے لیے ہر آئینی و جمہوری راستہ اختیار کیا جائے گا**

بھاگ (نامہ نگار) تحصیل بھاگ کے زمینداروں نے زیرینہ ناڑی کی زرعی زمینوں کو پانی کی عدم فراہمی اور ڈیموں کے پانی کی غیر منصفانہ تقسیم کے خلاف اہم پریس کانفرنس (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

## پیرنٹنگ منتھ کی مناسبت سے ایک روزہ آگاہی سیمینار کا انعقاد

**بچوں کی جسمانی، ذہنی اور جذباتی نشوونما میں والدین کا مثبت رویہ بنیادی حیثیت رکھتا ہے، ڈاکٹر علی خان مگسی**

گنداواہ (نامہ نگار) پیرنٹنگ منتھ کی مناسبت سے ڈی ایچ کیو ہسپتال گنداواہ کے ہال میں ایک روزہ آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد ڈسٹرکٹ نیوٹریشن کوآرڈینیٹر ضلع جھل مگسی سیف اللہ خان نے تمام شرکاء سے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

## کان کنی مزدوروں کیلئے موت کا کنواں بن گئی ہے: سلطان محمد خان

**مائنز حادثات کی شفاف، غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے ذمہ داروں کو سخت سزائیں دی جائیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان نے کہا ہے کہ بلوچستان میں مائننگ کا شعبہ کان کنوں کیلئے موت کا کنواں بن گیا ہے، مائنز میں آئے روز پیش آنے والے حادثات اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ کان کنوں کی صحت، تحفظ و سلامتی کیلئے موجود حفاظتی قوانین پر عمل درآمد نہیں ہو رہا، رواں سال ملک بھر میں 103 مائن (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

# بولان میں گیس پائپ لائن دھماکے سے تباہ، کوئٹہ سمیت کئی اضلاع کو سپلائی معطل

گوکرت کے قریب دھماکے کے بعد پائپ لائن سے بلند شعلے، گیس کی بندش سے شہری شدید مشکلات کا شکار

**سکیورٹی کلیئرنس کے بعد مرمتی ٹیمیں روانہ کی جائیں گی، سوئی سدرن گیس کمپنی**

بولان (یو این اے) ضلع بولان کے علاقے گوکرت کے قریب نامعلوم افراد نے 18 انچ قطر کی مرکزی گیس پائپ لائن کو دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنا کر تباہ کر دیا، جس کے نتیجے میں کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع کو گیس کی فراہمی معطل ہوگئی۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

گوادر: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ سوینئر پیش کر رہے ہیں

## یوم آزادی کی مناسبت سے لیڈا بلڈنگ کو قومی پرچموں سے سجا دیا

لسبیلہ/حب (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی چیف سیکرٹری شکیل قادر خان صوبائی وزیر صنعت و حرفت بلوچستان چیف سردار کوہیار خان ڈومکی کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن حب اور لیڈا انتظامیہ کی جانب سے یوم آزادی کی مناسبت سے لیڈا بلڈنگ کو قومی پرچموں سے سجا دیا گیا ہے۔ 14 اگست جشنِ آزادی کی مناسبت سے سرکاری عمارتوں کو قومی پرچموں سے سجانے کا مقصد وطن سے محبت اور قومی جذبے کو اجاگر کرنا ہے۔ بلوچستان کے صنعتی شہر (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

## نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لسبیلہ رینج عبدالقیوم پتافی لسبیلہ پہنچ گئے

اوتھل (خ ن) لسبیلہ ڈویژن میں نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لسبیلہ رینج عبدالقیوم پتافی لسبیلہ پہنچ گئے، جہاں انہوں نے آج باقاعدہ اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی انجام دہی شروع کر دی۔ عبدالقیوم پتافی کی لسبیلہ آمد پر پولیس حکام اور افسران کی جانب سے ان کا استقبال کیا گیا۔ انہوں نے پولیس کے مختلف امور کا جائزہ لیتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں اور رینج میں پولیسنگ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے عزم کا اظہار کیا

## اقلیتوں کے مذہبی مقامات، جان مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، پیٹر چارلس سہوترا

**اقلیتوں کی آزادی اور حقوق کے تحفظ کیلئے قائداعظم کے افکار پر عمل پیرا ہونے کی اشد ضرورت ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے کہا ہے کہ کرسچن کمیونٹی نے پاکستان بنانے میں اہم کردار ادا کرنے کے بعد اعلیٰ عدلیہ، دفاع، تعلیم، میڈیکل کے شعبوں میں ناقابل فراموش خدمات انجام دی ہیں، پاکستان میں بسنے والی تمام اقلیتیں برابر کی شہری ہیں، ان کے حقوق کا تحفظ ریاست (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

## ڈیرہ مراد جمالی، چھینی گئی چار موٹر سائیکلیں برآمد دو ملزمان گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس کی کارروائی چھینی گئی چار موٹر سائیکلز برآمد دو ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا پولیس کے مطابق سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی نے بھاگ اور دیگر علاقوں میں کامیاب چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران دو اہم ڈکیت صابر علی کھوکھر اور شعبان کھیر کو گرفتار کر کے چھینی گئی چار موٹر سائیکلز و دیگر سامان برآمد کر لیا گیا پولیس نے دونوں ڈکیت کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی۔

## سورینج کان حادثہ متاثرہ خاندانوں کو ڈیتھ گرانٹ صرف 10 روز میں جاری

**وفاقی وزیر امیر مقام اور سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ذوالفقار علی کی متاثرہ خاندانوں کی دہلیز پر چیکس کی تقسیم**

کوئٹہ (پ ر) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق سورینج کان حادثے کے متاثرہ خاندانوں کے لیے ورکرز ویلفیئر فنڈ کی جانب سے تاریخی اقدام اٹھایا گیا ہے۔ ورکرز ویلفیئر فنڈ نے اپنی تاریخ میں پہلی بار کان حادثے میں جاں بحق ہونے والے مزدوروں کے لواحقین کے ڈیتھ گرانٹ کی منظوری اور تقسیم کا تمام عمل صرف دس روز (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

## ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی سروس فراہم کرنے والوں کو ٹیکس تعمیل کیلئے حتمی نوٹسز

**مقررہ مدت میں رجسٹریشن اور ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے پر قانونی کارروائی کی جائے گی، بی آر اے**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن، وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی کی رہنمائی اور چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ہدایات پر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی جانب سے ڈاکٹروں، کلینکس اور طبی سروس فراہم کرنے والے اداروں (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0302-3883708
اسلام آباد بیورو چیف: 0300-9731626

حب: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر جشن آزادی کی مناسبت سے لیڈا آفس میں چراغاں کیا گیا ہے

# عام آبادی پر بمباری ظلم و جبر کی انتہا اور انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، نیشنل پارٹی

بے گناہ شہریوں کو کسی جرم کے بغیر سزا دینا اور انہیں خوف و ہراس میں مبتلا کرنا کسی صورت قابلِ قبول نہیں

**عام آبادی پر آپریشن اور بمباری ظلم و جبر کی انتہا اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے، مرکزی ترجمان**

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے جاری بیان میں گدر، سوراب میں جیٹ طیاروں کے ذریعے بمباری اور درجنوں افراد کے جاں بحق ہونے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عام آبادی پر آپریشن اور بمباری ظلم و جبر کی انتہا اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ عام شہریوں کی جان و مال کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ بے گناہ شہریوں کو کسی جرم کے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر زابد علی ریکی، پارلیمانی سیکرٹری صمد گورگیج، سیکرٹری کلچر حمید اللہ ناصر، ڈائریکٹر کلچر داؤد ترین سے سینئر اداکار ایوب کھوسہ ملاقات کر رہے ہیں